# آیتُ الکُرسِی

## سے دینی و دنیاوی بیماریوں کا علاج

# آیت الکرسی

## آیت الکرسی سے

دینی و دنیاوی بیماریوں کا علاج

از

محمد جاوید شیخ

Marfat.com

جملہ حقوق بحق پبلشرز محفوظ

نام کتاب ............ آیۃ الکرسی
سے دینی و دنیاوی بیماریوں کا علاج

ناشر ............ مسعود مفتی، فاتح پبلشرز، لاہور

کمپوزنگ ............ عدیل عابد/فراز کمپوزنگ سنٹر، لاہور

ٹائیٹل ڈیزائین ............ عامر سعید/ وقاص انور

نظر ثانی و اضافہ ............ علامہ محمد جاوید

اشاعت ............ ستمبر 2000ء

ہدیہ ............ -/60 روپے

ملنے کا پتہ

فاتح پبلشرز

یوسف مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور فون: 7321118

Marfat.com

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| | ابتدائیہ | 7 |
| | فضیلت آیت الکرسی | 10 |
| 1 | اسم اعظم | 10 |
| 2 | ستر ہزار فرشتے نگہبان | 10 |
| 3 | سب سے عظمت و برکت والی آیت | 11 |
| 4 | حفاظت جان ومال کے لیے شیطان ابلیس کی نصیحت اور تصدیق رسولؐ | 11 |
| 5 | جنت میں داخلہ | 13 |
| 6 | فرشتوں کا نیکیاں لکھنا | 13 |
| 7 | مضبوط قلعہ | 13 |
| 8 | خیر و برکت کا منبع | 14 |
| 9 | فوری فریادرسی | 14 |
| 10 | ملائکہ کی زیارت | 14 |
| 11 | فرشتوں کی طرف سے مغفرت | 15 |
| 12 | مفلسی اور تنگ دستی دور کرنے کا نسخہ | 15 |
| 13 | مردوں کی بخششیں | 15 |
| 14 | بینائی کی واپسی | 15 |
| 15 | قرب الٰہی | 16 |
| 16 | موذی جانور سے حفاظت | 16 |
| 17 | اسم اعظم | 17 |
| 18 | علم وحکمت کے خزانے کا حصول | 17 |
| 19 | درازی عمر کی دعائے ملائکہ | 17 |
| 20 | عجیب تاثیر والا نقش آیت الکرسی | 18 |
| 21 | ہر حاجت پوری ہو اور ظالم کے ظلم سے نجات ملے | 20 |
| 22 | حاسدین سے بچاؤ | 20 |
| 23 | گھر میں خیر و برکت اور اضافہ مال | 20 |
| 24 | مرگی سے نجات | 20 |
| 25 | موذی جانوروں سے بچاؤ | 21 |
| 26 | حضرت ابراہیم کا نار نمرود سے بچنا | 21 |
| 27 | حکام سے مطلب براری | 21 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 28 | مکان خالی کروانا | 21 |
| 29 | حاجت روائی کی بے مثال دعا | 22 |
| 30 | جنت کے آٹھوں دروازوں کا حقدار | 22 |
| 31 | قضائے حاجت کے لیے مجرب عمل ودعا | 22 |
| 32 | برائے امن وامان نجات خوف | 23 |
| 33 | خوف ہلاکت اور دشمنوں سے محفوظ رہنے کا عمل | 30 |
| 34 | نقش حی اور اس کے فوائد | 33 |
| 35 | نقش قیوم اور اس کے فوائد | 34 |
| 36 | رزق اوران ومال کی حفاظت | 35 |
| 37 | ہلاکی دشمن | 35 |
| 38 | ہر قسم کے درد کے لیے مجرب عمل | 36 |
| 39 | دافع بلغم | 36 |
| 40 | عجیب وغریب خوابوں سے نجات | 36 |
| 41 | حاکم کے شر سے حفاظت | 37 |
| 42 | حجاب عظیم | 38 |
| 43 | نقش لا الہ الا ھو الحی القیوم | 39 |
| 44 | عزت وآبرو اور جاہ وحشم کے لیے | 39 |
| 45 | ہر مشکل کا حل | 40 |
| 46 | منکر نکیر کے سوال وجواب میں آسانی | 42 |
| 47 | آندھی اور طوفان سے حفاظت | 42 |
| 48 | ہر قسم کی لاعلاج بیماریوں کا شفاء کاملہ | 43 |
| 49 | رمد اور آنکھ کا درد | 43 |
| 50 | بچے کے رونے کے لیے | 43 |
| 51 | زبان بندی کا مجرب ترین عمل | 45 |
| 52 | قضائے حاجت اور مہم جوئی | 47 |
| 53 | کل عالم سے حاجت روائی کا مجرب عمل ونقش | 48 |
| 54 | دشمنوں میں محبت وصلح کے لیے | 53 |
| 55 | حصول محبت کے لیے نقش معظم | 57 |
| 56 | عوام میں مقبولیت اور حکومت میں عہدہ کے لیے | 57 |
| 57 | زیارت رسول اللہ ﷺ | 57 |
| 58 | بینائی واپس لانے کا عمل | 58 |
| 59 | دفع مزمن بخار | 58 |
| 60 | چوتھیا بخار کے لیے | 58 |
| 61 | نظر بد کے لیے | 59 |
| 62 | جنات کو بھگانا | 59 |
| 63 | موذی جانوروں سے اپنا بچاؤ کرنا | 60 |
| 64 | ادائیگی قرض کا عمل | 60 |
| 65 | دفع سحر وجادو | 60 |
| 66 | چور پکڑنے کا عمل | 61 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 67 | بھاگے ہوئے شخص کو بلانے کا عمل | 61 |
| 68 | دفع درد دندان کا عمل | 62 |
| 69 | حفظ از امراض کی مکروہات | 63 |
| 70 | رقت قلب اور اسرار الٰہیہ کا منکشف ہونا | 63 |
| 71 | دشمن پر غلبہ پانے کا عمل | 63 |
| 72 | ڈنگ لگنے کا علاج | 64 |
| 73 | ظالم زمیندار سے بچاؤ | 64 |
| 74 | بند کاروبار جاری کرنا | 64 |
| 75 | باری کا بخار | 65 |
| 76 | عجیب پرتاثیر عمل | 65 |
| 77 | عمل وسعت رزق اور حصول ایمان | 66 |
| 78 | نماز قضائے حاجت | 66 |
| 79 | نظر بد کا عمل | 67 |
| 80 | جن کا جلنا | 67 |
| 81 | خاتمہ جادو | 68 |
| 82 | بچوں کا سوکھا پن اور مسان | 69 |
| 83 | درد دل | 69 |
| 84 | پنڈلیوں اور پسلیوں کا درد | 69 |
| 85 | دست روکنے کے لیے | 70 |
| 86 | مرض طحال | 70 |
| 87 | حفاظت صحت | 70 |
| 88 | حفاظت کے لیے | 71 |
| 89 | برائے تسخیر | 71 |
| 90 | برائے حب | 72 |
| 91 | نقصان سے محفوظ رہنے کے لیے | 72 |
| 92 | چور کے بارے میں معلوم کرنا | 73 |
| 93 | سانپ سے حفاظت | 73 |
| 94 | مرض سودا | 74 |
| 95 | نظر بد کے لیے | 74 |
| 96 | حصول ملازمت | 74 |
| 97 | دشمن کو مصیبت میں مبتلا کرنا | 75 |
| 98 | درد شقیقہ | 75 |
| 99 | آفات وبلیات سے حفاظت | 76 |
| 100 | فراخی رزق کے لیے | 76 |
| 101 | آفیسر کی ناراضگی وسختی دور کرنا | 77 |
| 102 | ٹڈیوں کا خاتمہ | 77 |
| 103 | حصول اولاد | 78 |
| 104 | قوت حافظہ کے لیے | 78 |
| 105 | ماخورہ کا علاج | 79 |
| 106 | خونی بواسیر کا علاج | 79 |
| 107 | دودھ کی کمی | 79 |
| 108 | جلد شادی کے لیے | 80 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 109 | حمل برقرار رہے | 80 |
| 110 | روحانی مدارج کا حصول | 81 |
| 111 | باسور کا عارضہ | 81 |
| 112 | درد جگر | 81 |
| 113 | دل کا عارضہ | 81 |
| 114 | صرع کے لیے | 82 |
| 115 | نکسیر کا علاج | 83 |
| 116 | خفقان کا علاج | 83 |
| 117 | آسیب سے حفاظت | 83 |
| 118 | آفات ارض وسماء سے حفاظت | 84 |
| 119 | غیر عورتوں کی طرف سے میلان وتوجہ ہٹانا | 85 |
| 120 | کمر درد کا علاج | 85 |
| 121 | کشائش رزق | 85 |
| 122 | گم شدہ شے کی بازیابی | 86 |
| 123 | اغوا شدہ کی بازیابی ورہائی | 86 |
| 124 | حصول انصاف | 87 |
| 125 | دوکان کی حفاظت کے لیے | 87 |
| 126 | دشمنوں میں عداوت ڈالنا | 88 |
| 127 | اسقاط حمل کو روکنا | 88 |
| 128 | پرنافع اور پرتاثیر نقش برائے ہر حاجت | 89 |
| 129 | باطن روشن کرنے کے لیے | 91 |
| 130 | بانجھ پن کا علاج | 91 |
| 131 | برائے مسان | 92 |
| 132 | سفر میں حفاظت کے لیے | 92 |
| 133 | والدین کی بخشش کے لیے | 93 |
| 134 | ہر قسم کے شر سے حفاظت | 93 |
| 135 | جنات کا طابع ہونا | 94 |
| 136 | ہزار حج کا ثواب | 95 |
| 137 | مرگی کا مجرب المجرب علاج ونقش | 95 |
| 138 | بلند مرتبہ کے لیے | 96 |


Marfat.com

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

## ابتدائیہ

شروع نام اس ذات پاک سے جو ساری دنیا کے لیے رحمان و رحیم ہے۔ اللہ جو بے مثل پیدا کرنے والا۔ حجابات اٹھانے والا' ہر شکل و صورت سے منزہ ہے جو اول میں بھی تھا اور ابد میں بھی قائم و دائم ہے اور عالم علویات و سفلیات میں اپنی حکمت' قدرت' و ارادہ سے بلند و پست کرنے والا ہے اور اس عظیم ذات کے سوا کوئی معبود نہیں ہے وہ ہر شے میں موجود ہے لیکن کوئی بھی اس کو ظاہری آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا۔ جبکہ وہ بخوبی سب کو دیکھتا ہے۔

اول سے ہی اپنی ذات کے ساتھ موجودات اور ابدیت میں اپنی صفات سے ظاہر ہے اپنے ناموں سے سرمدیت میں بلند اور ابدیت میں اپنے افعال سے منور۔ وہی اول اور وہی آخر ہے۔ عرض و جسم سے پاک و بالا تر' کوئی جہت یا سمت اس کا احاطہ نہیں کر سکتی اور نہ ہی زمانہ کی گردش اور دن رات اس کو بوڑھا یا فنا کر سکتے ہیں۔

میں حمد بیان کرتا ہوں اس ذات بزرگ و برتر کی' جس نے ہر شے کو ایک مقدار کے ساتھ رکھا۔ وہ ہر شے کا جاننے والا ہے چاہے وہ حاضر ہو یا غائب۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور نہ ہی اس کا کوئی شریک ہے۔ اور یہ بھی گواہی دیتا ہوں کہ وہی روحوں کو عالم برزخ میں ثابت قدم رکھنے والا ہے اور اس کا علم و قدرت زندہ و مردہ ہر مخلوق کو محیط ہے اور اسی نے موت اور مقدار کو مقرر کیا ہے اور وہی فنا کر کے پھر زندہ کرنے والا ہے اور وہی ہے جس نے عوارض و تکالیف کو انسانوں پر بطور آزمائش نازل فرمایا ہے اور وہی ہی اپنی حکمت الہیہ کے ساتھ ان عوارض و تکالیف کو دور فرماتا ہے اور اسی لیے اس نے ہدایت کے ساتھ ساتھ شفاء کے طور طریق بھی بتلائے ہیں۔

Marfat.com

ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ ہم قرآن پاک میں وہ شے اتارتے ہیں جو شفاء و رحمت ہے ایمان والوں کے لیے (الاسرار: ۸۲)

میں اس بات کی بھی گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اس کے بندے اور آخری پیغمبر ہیں جو ملت کے لیے آفتاب ہدایت اور شرک و ذلت سے پاک کرنے والے ہیں۔ آپ ﷺ کی حکمت سے سچائی کا آفتاب منور ہوا اور گمراہی کے تمام ستارے بے نور ہو گئے۔ اور آپ ﷺ کی آمد سروری سے صبح توحید روشن ہو گئی۔ خود ارشاد رسول اللہ ﷺ ہے کہ قرآن پاک سب سے اچھی دوا ہے (سنن ابن ماجہ عن حضرت علیؓ)

چونکہ حق کے لیے نشانیاں اور حقیقت کے لیے پورا نظام الٰہی موجود ہے اور بندوں کے لیے عرفان الہیہ کے ساتھ ساتھ رحمان اور رحیم کا ہونا بھی بہت ضروری ہے اور اس کے لیے وسیلہ بہت ضروری اور مطلوب ہے۔ چونکہ تمام امور کی تقسیم اللہ ہی کی طرف سے ہے اور اس سے سعادت' کمال کی روشنی سے متصل ہے جو امور الٰہی پر عمل پیرا ہو کر ہی حاصل ہوتی ہے۔

زیر نظر کتاب کا مقصد و منشاء یہی ہے کہ آیۃ الکرسی اور اس کے اندر موجود اسم اعظم کے سمندر میں اللہ تعالیٰ کے جو اسرار و رموز و شفاء کے ساتھ ساتھ حکمت الہیہ کے جو خزانے پوشیدہ ہیں اس سے تمام امتی رسول اللہ ﷺ باآسانی تصرف حاصل کر سکیں۔ اور اس خاکی دنیا کے اندر موجود ناآسودگیوں اور بیماریوں سے ان پوشیدہ خزائن کے اسرار کے درست ترین عمل سے تمام روحانی و جسمانی خوشیاں حاصل کر سکیں۔

چونکہ آیت الکرسی میں تمام قرآن پاک کا اعلیٰ ترین نچوڑ موجود ہے اور یہ سب سے سردار آیت ہے اور یہ کہ دیگر تمام سورہ قرآن کی مانند تمام جہانوں کی دواؤں کے مقابلے میں سب سے اعلیٰ اور فوری فائدہ پہنچانے والی تاثیر موجود ہے جس کی مثال روئے زمین پر ملنا محال ہے۔ اس لیے اصحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیھم اجمعین اور اولیائے عظام رحمتہ اللہ علیھم اجمعین نے سورۃ بقرہ کی اس سردار آیت الکرسی سے بے حد استفادہ کیا ہے اور اس کے ذریعہ بے شمار لاعلاج مریضوں کا

Marfat.com

شافی و کافی علاج بھی فرمایا ہے۔

اس مادی دور میں ہر انسان کسی نہ کسی پریشانی۔ مشکل اور ابتلاء میں مبتلا ہے اور ذہنی بے سکونی سے دو چار ہے اور ان کے حل کے لیے سرگرداں ہے۔ لہٰذا اس صورتحال میں میں امید واثق کرتا ہوں کہ یہ کتاب ان پریشان حال لوگوں کی پریشانیوں ' مشکلات اور ان کو لاحق ہمہ گیر ناعلاج بیماریوں کے لیے شافی و کافی ثابت ہوگی۔ اور ان کے لیے باعث و نجات و شفاء بنے گی۔

میری یہ دعا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ ،فضیلت آیتہ الکرسی اور اپنے پیارے حبیب ﷺ کے توسل سے کل امت محمد ﷺ کو شفاء کاملہ عطا فرمادے اور ان کی ہر مشکل و پریشانی دور فرمادے۔ (آمین۔ ثم آمین)

محمد جاوید شیخ

Marfat.com

# فضیلت آیت الکرسی

حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ دواؤں میں سب سے عمدہ دوا قرآن پاک ہے۔ جو سر تاپا شفاء اور نور نافع ہے جس طرح ہر شے کی ایک چوٹی ہوتی ہے۔ جو سب سے بلند و بالا ہوتی ہے اسی طرح قرآن پاک کی چوٹی سورہ بقرہ ہے جس کی ایک آیت موسومہ آیتہ الکرسی تمام آیات کے سردار اور منبع ہے (جامع ترمذی شریف عن حضرت ابو ہریرہؓ)

بقول شیخ عبدالحق محدث رحمۃ اللہ علیہ تحریر رشحۃ اللمعات ہے۔

"اعظم رحمیا قرآن است و افضل آں سورہ فاتحہ و قرات معوذ تین و آیتہ الکرسی آیاتیکہ مشتمل اند بر معنی استعاذہ"

یعنی سب سے اعلیٰ کتاب قرآن پاک ہے۔ اور اس کے اندر سورہ فاتحہ ' معوذ تین اور آیت الکرسی بلحاظ معانی سب سے اعلیٰ اور افضل ہے۔

## (۱) اسم اعظم

قرآن کریم میں اعظم اسماء آیتہ الکرسی ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔ یعنی اللہ کی کرسی تمام جہانوں میں محیط ہے اور آسمان اور زمین کو گھیرے ہوئے ہے۔ اسی میں اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور حی و قیوم جیسے جلیل القدر اسماء ربانی ہیں۔ اور انہیں کو اصحابہ کبارؓ اور اولیائے عظام علیہ السلام نے اسم اعظم قرار دیا ہے۔

## (۲) ستر ہزار فرشتے نگہبان

ارشاد رسول اللہ ﷺ ہے۔ کہ آیت الکرسی جب نازل ہوئی تو اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے ستر ہزار فرشتے بھی نازل فرمائے۔ جو اس کی حفاظت کرتے ہیں۔ اوراس کے پڑھنے والے پر اس وقت تک نگہبان رہتے ہیں جب تک وہ حالت وضو میں اس کی مداومت کرتا رہتا ہے۔ اور اس کی ہر حاجت روائی کے لیے ہمہ وقت کمر

Marfat.com

بستہ رہتے ہیں۔

## (۳) سب سے عظمت اور برکت والی آیت

حضور رسول کریم ﷺ نے ابو المنذرؓ سے دریافت کیا کہ اے ابو المنذر تم جانتے ہو۔ کہ قرآن پاک کی کون سی آیت سب سے زیادہ عظمت۔ رفعت اور شفاء بخش ہے۔ انہوں نے عرض کیا اللہ اور اس کے رسول ﷺ ہی کو زیادہ علم ہے" اس پر آپ ﷺ نے دوبارہ استفسار کیا کہ تمہارے پاس کتاب اللہ کی کون سی آیت سب سے باعظمت و نافع الشفاء موجود ہے؟ اس پر ابو المنذرؓ نے عرض کیا "اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلاَّ هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ" آپ ﷺ اس بات پر بہت خوش ہوئے اور ابو المنذرؓ کا سینہ ٹھونک کر فرمایا "اے ابو المنذر! تجھے یہ علم موافق آئے اور ہمیشہ کے لیے مبارک ہو
(صحیح مسلم عن ابو المنذر ابی بن کعبؓ)

## (۴) حفاظت جان و مال کے لیے شیطان ابلیس کی نصیحت اور تصدیق رسول اللہ ﷺ

حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے صدقہ فطر کی حفاظت میرے سپرد فرمائی۔ ایک شب ایک آنے والا آیا۔ اور اس امانت والے غلہ میں سے غلہ بھرنے لگا۔ میری نیند کھل گئی اور میں نے اسے پکڑ لیا۔ اور اس سے کہا۔ کہ تو امانت رسول اللہ ﷺ میں خیانت اور ڈاکہ ڈالنے آیا ہے۔ اس لیے میں تجھے رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں صبح کو پیش کروں گا۔ اس پر وہ رونے اور گڑگڑانے لگا اور کہنے لگا۔ کہ میں ایک عیالدار اور محتاج ہوں۔ غلے کی مجھے سخت حاجت ہے۔ میرے حال پر رحم کھاؤ۔ میں نے اس پر ترس کھایا اور اسے چھوڑ دیا۔ جب صبح کو میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا:

"اے بو ہریرہ! تمہارے رات کے قیدی کا کیا ہوا" میں نے عرض کیا۔ "یا رسول اللہ ﷺ اس نے شدید حاجت اور عیالداری کے واسطے سے رحم کے لیے کہا

Marfat.com

تھا۔ اس پر مجھے ترس آگیا۔ اور میں نے اسے چھوڑ دیا۔" اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ "اس نے جھوٹ بولا ہے وہ پھر آئے گا" آپ ﷺ کے اس فرمان پر مجھے یقین ہو گیا کہ وہ ضرور آئے گا اور میں اس کا رات کو انتظار کرنے لگا۔ نصف رات کے بعد وہ آگیا اور پھر غلہ بھرنے لگا۔ میں نے اس کو پھر پکڑ لیا۔ اور کہا! کہ آج صبح ہر حالت میں میں تجھے حضور رسول کریم ﷺ کی بارگاہ اقدس میں پیش کروں گا تا کہ تجھے سزا ملے۔ اس پر وہ رونے اور گڑ گڑانے لگا۔ اور کہنے لگا۔ مجھے چھوڑ دو۔ میں محتاج ہوں اور عیالداری کے ہاتھوں پریشان ہوں اب میرا تجھ سے وعدہ ہے کہ آئندہ نہیں آؤں گا۔ مجھے اس کی حالت زار پر رحم آگیا۔ اور میں نے اس کی یقین دہانی پر پھر اسے چھوڑ دیا صبح کو جب میں رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ اقدس میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے مجھ سے پوچھا "اے ابو ہریرہ تمہارے اس قیدی کا کیا ہوا۔ جو رات کو قابو میں آیا تھا۔" میں نے عرض کی "یا رسول اللہ ﷺ! مجھے آج پھر اس کی گریہ و زاری پر رحم اور ترس آگیا اور میں نے اسے چھوڑ دیا"۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ "اس نے تم سے پھر جھوٹ بولا ہے۔ وہ آج رات پھر غلہ لینے آئے گا۔" رات کو میں اس کے انتظار میں جاگتا رہا۔ نصف رات کے بعد وہ آیا اور حسب معمول غلہ بھرنے لگا۔ اس پر میں نے یکدم اسے پکڑ لیا۔ اور کہا "کہ تم انتہائی وعدہ خلاف ہو۔ اب مجھے تمہارا اعتبار نہیں رہا۔ اس لیے میں تمہیں صبح ہر حال میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں پیش کروں گا۔ تا کہ تم اپنے اعمال کی جوابدہی وہاں کر سکو۔ اس پر وہ پھر رونے اور گڑ گڑانے لگا۔ اور کہنے لگا۔ کہ اگر تم مجھے آج چھوڑ دو۔ تو میں تمہیں ایسے کلمات سکھاؤں گا۔ جن سے اللہ تعالیٰ تمہیں ساری عمر نفع دے گا۔ اور یہ کہ میں آئندہ تمہارے پاس نہیں آؤں گا۔ میں نے اس کا اعتبار کر لیا اور وہ کلمات پوچھے تو اس نے مندرجہ ذیل کلمات بتلائے۔

"جب تم رات کو سونے کے لیے بستر پر لیٹو تو آیت الکرسی اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم آخر تک پڑھ لیا کرو۔ صبح تک یہ آیت تمہاری نگہبان رہے گی اور شیطان تمہارے نزدیک بالکل نہیں آئے گا۔ اور تم سے کوسوں دور بھاگے گا۔" اس پر میں نے اسے چھوڑ دیا۔ جب صبح کو میں رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ اقدس میں حاضر

Marfat.com

ہوا تو آپ ﷺ نے استفسار فرمایا۔" اے ابو ہریرہ! تمہارے رات والے قیدی کا کیا بنا؟ میں نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! اس نے مجھے چند کلمات سکھلائیں ہیں جن سے اللہ تعالیٰ مجھے بہت نفع دے گا۔ اور شیطان ابلیس مجھ سے کوسوں دور بھاگے گا۔ ان کلمات کی وجہ سے میں نے اسے چھوڑ دیا۔ اور وہ کلمات یہ ہیں اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم تا آخر تک۔ میں نے پڑھ کر سنائے۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ اس نے بالکل سچ کہا ہے۔ حالانکہ وہ انتہائی جھوٹا۔ مکار اور فریبی ہے جانتے ہو کہ تین راتوں سے تمہارا مخاطب کون ہے؟" میں نے عرض کی "نہیں! یا رسول اللہ ﷺ!" اس پر آپ ﷺ نے فرمایا کہ وہ شیطان لعین تھا۔ (بخاری شریف عن ابو ہریرہؓ)

## (۵) جنت میں داخلہ

بروایت حضرت علیؓ ارشاد رسول اللہ ﷺ ہے کہ جو شخص ہر نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے گا۔ اس کو جنت میں داخل ہونے سے کوئی شے نہیں روک سکتی۔ اور وہ مرتے ہی سیدھا جنت میں چلا جائے گا۔ اور جو کوئی رات کو سوتے وقت اسے پڑھے گا تو وہ اس کے پڑوسی اور اس کا محلہ بھی شیطان اور چوروں سے محفوظ رہے گا۔ (شعب الایمان، بیہقی)

## (۶) فرشتوں کا نیکیاں لکھنا

بروایت حضرت علیؓ ارشاد رسول اللہ ﷺ ہے کہ جو شخص آیۃ الکرسی پڑھتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ ایک فرشتے کو اس پر مامور فرما دیتے ہیں جو اگلے دن تک اسی وقت تک اس کے نامہ اعمال میں نیکیاں ہی نیکیاں لکھتا رہے گا۔ اور اس کے گناہ مٹاتا رہے گا۔ (ترمذی شریف عن حضرت علیؓ)

## (۷) مضبوط قلعہ

ارشاد رسول اللہ ﷺ ہے کہ اپنے نفسوں کو مضبوط قلعوں میں محفوظ کرلو اس پر اصحابؓ نے استفسار کیا "یا رسول اللہ ﷺ! ہم اپنے نفسوں کو مضبوط قلعہ میں

Marfat.com

کس طرح محفوظ کر لیں۔" آپ ﷺ نے فرمایا" اپنے گھروں میں آیت الکرسی کو لازما پڑھا کرو۔ اس سے وہ انسان اور اس کے گھر والے ہر قسم کی برائی سے بچ جاتے ہیں۔ شیطان اور اس کے چیلے اس گھر سے کوسوں دور بھاگ جاتے ہیں اور تین دن تک اس گھر کا رخ نہیں کرتے اور ان پر چالیس یوم تک کسی بھی قسم کا جادو اور سحر اثر نہیں کرتا ہے۔ جو شخص گھر میں رات کو آیت الکرسی پڑھتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اس کے گھر پر دو فرشتے متعین فرما دیتے ہیں۔ جو رات بھر اس کی۔ اس کے اہل و عیال بمعہ سازو سامان کی مکمل حفاظت فرماتے ہیں۔"

## (۸) خیرو برکت کا منبع

ایک اصحابیؓ نے آنحضور ﷺ سے عرض کی کہ یا رسول اللہ ﷺ میرے گھر سے خیرو برکت اٹھ گئی ہے۔ اور ہر معاملہ میں نااتفاقی اور بے برکتی بڑھ گئی ہے۔ اس کا میں کیا علاج کروں۔ اس پر آپ ﷺ نے فرمایا۔ کہ تم آیت الکرسی کی مداومت کیا کروں تمہارے گھر سے نااتفاقی اور بے برکتی بھاگ جائے گی اور تمہیں ان گنت فوائد و برکات حاصل ہوں گے۔ اس پر اس اصحابیؓ نے یہ عمل شروع کر دیا اور دنوں میں انتہائی خوش حال ہو گئے۔

## (۹) فوری فریاد رسی

ارشاد رسول اللہ ﷺ ہے کہ جو شخص ہر مشکل ۔ مصیبت ۔ سختی حاجت اور تکلیف جسمانی اور روحانی میں آیت الکرسی کا باقاعدہ ورد کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کی فوری فریاد رسی فرما دیں گے۔ اور اس کو اس شے یا تکلیف سے مکمل نجات دیں گے۔

## (۱۰) زیارت ملائکہ

حضرت شیخ عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص دن رات میں ایک ہزار مرتبہ آیت الکرسی کا ورد چالیس یوم تک کرے گا۔ پروردگار کی قسم! اس کی

Marfat.com

برکت سے اس کی آنکھیں روشن ہو جائیں گی۔ ملائکہ اس شخص کی زیارت فرما دیں گے۔ اور اس کی مطلوبہ تمام حاجات کو پورا فرما دیں گے۔

## (۱۱) فرشتوں کی طرف سے مغفرت

حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ فتاویٰ ظہیریہ میں لکھتے ہیں کہ ارشاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے کہ جو شخص آیت الکرسی پڑھ کر گھر سے نکلتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتوں کو حکم دیتے ہیں کہ اس شخص کے گھر واپس آنے تک اس کے لیے مغفرت کی دعا کرتے رہو۔

## (۱۲) مفلسی اور تنگ دستی دور کرنے کا نسخہ

بقول خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ ارشاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے کہ جو شخص اپنے گھر میں داخل ہوتے وقت آیت الکرسی پڑھے گا۔ اس کے گھر سے اللہ تعالیٰ مفلسی دور فرما دیتے ہیں۔ (فتاویٰ ظہیریہ)

## (۱۳) مردوں کی بخشش

بقول حضرت خواجہ گیسو دراز رحمۃ اللہ علیہ جو شخص آیت الکرسی کو پڑھ کر اس کا ثواب اپنے تمام مردوں کو بخشے گا۔ یا کل وہم مردوں کو بخشے گا۔ تو اللہ تعالیٰ مشرق سے لے کر مغرت تک تمام مسلمان مردوں کو بخش دے گا۔ ان کی قبور کو اپنے انوار سے بھر دے گا۔ مومن مردوں کا درجہ بڑھا دے گا۔ اور بدبخت مردوں کی بخشش فرما دے گا۔ اور پڑھنے والے کے نامہ اعمال میں ان گنت نیکیاں لکھ دے گا۔

## (۱۴) بینائی کی واپسی

جامع الحکایات میں درج ہے۔ کہ بغداد میں ایک درویش رہتا تھا۔ ایک رات اس کے گھر میں دس چور گھس آئے وہ درویش آیۃ الکرسی پڑھ کر کہیں باہر گیا ہوا تھا تمام چور گھر میں داخل ہوتے ہی آنکھوں سے اندھے ہو گئے اور اپنی اپنی

Marfat.com

جگہ کھڑے رہ گئے۔ جب درویش اپنے کام سے فارغ ہو کر گھر واپس آیا۔ تو ان لوگوں کو گھر میں موجود پا کر بہت ہی حیران ہوا۔ اور انتہائی تعجب سے ان سے پوچھنے لگا۔ کہ تم لوگ کون ہو اور میرے گھر میں کیا کرنے آئے ہو؟ انہوں نے جواب دیا کہ ہم سب چور ہیں اور چوری کی نیت سے اس گھر میں داخل ہوئے ہیں لیکن اندر داخل ہوتے ہی نہ صرف اندھے ہو گئے ہیں بلکہ یہاں جام بھی ہو گئے ہیں۔ جس سے یہ بات ہماری سمجھ میں آئی ہے۔ کہ تم کوئی خدا رسیدہ شخص ہو۔ خدارا! ہمیں معاف کر دو اور ہمارے لیے دعا کرو اگر ہماری بینائی واپس آ گئی۔ تو ہم اس کام سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے توبہ کر لیں گے اور چوری چکاری چھوڑ دیں گے اور ساتھ ہی اسلام بھی قبول فرمالیں گے اس پر وہ درویش مسکرائے اور پھر آیت الکرسی پڑھ کر ان پر پھونک ماری اور انہیں حکم دیا کہ اپنی آنکھیں کھول دو۔ انہوں نے یہ سن کر اپنی آنکھیں کھولیں۔ تو سب کی آنکھیں روشن ہو چکی تھیں اور ان کی بینائی پہلے سے تیز ہو گئی تھی۔ اور وہ اپنی جگہ ہلنے جلنے بھی لگے تھے۔ اس بات سے متاثر ہو کر انہوں نے اسی وقت توبہ کی اور ان کے دست حق پر اسلام قبول کر لیا۔

## (۱۵) قرب الٰہی

حضرت بابا فرید گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص دن رات میں آیۃ الکرسی کا ورد رکھتا ہے۔ وہ مقربین الٰہی میں شمار ہوتا ہے۔ اس کے نامہ اعمال میں ہزار ہا برس کا ثواب لکھ دیا جاتا ہے۔ ستر ہزار فرشتے اس کے گرد گھومتے ہیں اور اس کی ہر برائی اور تکلیف سے حفاظت فرماتے ہیں۔

## (۱۶) موذی جانور سے حفاظت

بمطابق تفسیر اتقان ایک شخص کسی جنگل میں تنہا سفر کر رہا تھا۔ اس کے سامنے خونخوار بھیڑیا آگیا۔ اور اسے ڈرانے لگا۔ اس پر اس شخص نے فوراً آیت الکرسی پڑھ کر پھونک ماری تو وہ بھیڑیا دم دبا کر وہاں سے بھاگ گیا اور وہ شخص محفوظ و مامون رہا۔

Marfat.com

## (۱۷) اسم اعظم

مشہور تابعی حضرت عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ شاگرد عزیز حضرت ابو امامہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے اسم اعظم کو بہت تلاش کیا اور بعد از بسیار کوشش کے اسم اعظم کو آیت الکرسی کے الفاظ اَلْحَیَّ الْقَیُّوْم میں پایا۔ جب کہ امام جزری رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اسم اعظم اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم ہی ہے۔

## (۱۸) علم و حکمت کے خزانے کا حصول

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اسے اللہ تعالیٰ علم و حکمت کے خزانے عطا فرما دے اور اس کی عقل و دانش میں بے پناہ اضافہ ہو۔ تو اسے چاہیے کہ

کسی چینی کے برتن میں مشک و زعفران و گلاب سے آیت الکرسی کے الفاظ السموت والارض کے تمام حروف علیحدہ علیحدہ لکھے۔ اور ان کو پانی سے دھو کر صبح کو اس سے روزہ رکھے اور شام کو بھی اسی پانی سے روزہ افطار کرے اور اس عمل کو اس آیت کی تعداد کے مطابق اتنے دن جاری رکھے تو اس کو اللہ تعالیٰ حکمت اور علم و دانش کے خزانے عطا فرما دیں گے اور وہ حکمت الٰہی سے ہر ایک کے ساتھ گفتگو کرے گا۔ روزہ افطار کرتے وقت سات بار آیت الکرسی اور ساتھ ہی یہ دعا پڑھا کرے۔ سادہ پانی کی جگہ اگر بارش کا صاف پانی ہو تو عمل تیزی سے اپنا اثر دکھلاتا ہے دعا حسب ذیل ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ بِحَقِّ ھٰذِہِ الۡاٰيَةِ الشَّرِيۡفَةِ اَنۡ تُلۡھِمَنِیۡ عِلۡمَكَ اللّٰهُ كَافِیۡ يَااَللّٰهُ

اے اللہ! میں تجھ سے اس آیت شریف کے توسل سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے علم لدنی عطا فرما۔

## (۱۹) درازی عمر کی دعائے ملائکہ

جو شخص آیت الکرسی سات بار پڑھ کر اس کے ساتھ یہ دعا مانگے اور نیا

Marfat.com

لباس پہنے تو اس کے لیے اس آیت کے خادم ملائکہ اس وقت تک درازی عمر اور مغفرت کی دعا کرتے ہیں جب تک وہ لباس پھٹ نہ جائے۔ دعا حسب ذیل ہے۔

اَللّٰھُمَّ کَمَا اَلْبَسْتَنِیْ جَدِیْدًا اَنْ تُحْیِیَنِیْ سَعِیْدًا وَ اَنْ یَجْعَلْ لِیْ عُمْرًا مَّزِیْدًا

اے اللہ جیسا کہ تو نے مجھ کو نیا لباس پہنایا ہے ایسے ہی مجھے نئی زندگی اور عمر دراز عطا فرما۔

## (۲۰) عجیب تاثیر والا نقش آیۃ الکرسی

جو شخص اس نقش کو مشتری کی نیک ساعت اکبر میں یعنی بروز جمعرات بعد از طلوع آفتاب جب کہ قمر مشتری سے متصل ہو۔ اتصال مودت اور شعاع کا ہو اس وقت اس کو خالص چاندی کی لوح پر پوری طہارت اور باوضو خلوت میں کسی آبادی کے باہر ویرانے میں ہمت اور صفائی کے ساتھ کندہ کرے۔ اور اس وقت خوشبو مثل عنبر عود وغیرہ روشن کرے اور اس روز روزہ بھی رکھے تو اس کے عجیب و غریب فوائد اور تاثرات دیکھے کہ عقل حیران رہ جائے اور ہر مقصد میں اس کو مفید پائے۔ اس نقش کو بناتے وقت ہر قسم کی پاکی اختیار کرے اور گندگی اور ناپاکی والی جگہ سے پرہیز کرے۔ چند فوائد حسب ذیل ہیں۔

(۱) اس نقش کو رکھنے والا عزت و ہیبت اور سعادت میں بلند مرتبہ ہو۔

(۲) برکات الٰہی سے معمور ہو۔ آفات سے مامون رہے۔

(۳) کل حاجات غیب سے پوری ہوں۔

(۴) اسرار کا مالک ہو۔

(۵) حکومت میں اعلیٰ عہدہ ملے۔

(۶) کاروبار میں بے انتہا اضافہ ہو۔

(۷) ہر بیماری میں یہ نقش کامل شفاء ثابت ہو۔ ہر بیماری اور دکھ درد دور ہو۔

(۸) زیادتی اولاد و مال (غرضیکہ لاتعداد فوائد حاصل ہوں)

Marfat.com

نقش حسب ذیل ہے۔

# نقش آیۃ الکرسی

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ لا الٰہ الا ھو | الحی القیوم | لا تاخذہ سنۃ ولا نوم | لہ ما فی السموات | وما فی الارض | من ذا الذی یشفع عندہ | الا باذنہ | یعلم ما بین ایدیھم |
| الحی القیوم | لا تاخذہ سنۃ ولا نوم | لہ ما فی السموات | وما فی الارض | من ذا الذی یشفع عندہ | الا باذنہ | یعلم ما بین ایدیھم | وما خلفھم |
| لا تاخذہ سنۃ ولا نوم | لہ ما فی السموات | وما فی الارض | من ذا الذی یشفع عندہ | الا باذنہ | یعلم ما بین ایدیھم | وما خلفھم | ولا یحیطون بشیء من علمہ |
| لہ ما فی السموات | وما فی الارض | من ذا الذی یشفع عندہ | الا باذنہ | یعلم ما بین ایدیھم | وما خلفھم | ولا یحیطون بشیء من علمہ | الا بما شاء وسع کرسیہ |
| وما فی الارض | من ذا الذی یشفع عندہ | الا باذنہ | یعلم ما بین ایدیھم | وما خلفھم | ولا یحیطون بشیء من علمہ | الا بما شاء وسع کرسیہ | السموات والارض |
| من ذا الذی یشفع عندہ | الا باذنہ | یعلم ما بین ایدیھم | وما خلفھم | ولا یحیطون بشیء من علمہ | الا بما شاء وسع کرسیہ | السموات والارض | ولا یؤدہ حفظھما |
| الا باذنہ | یعلم ما بین ایدیھم | وما خلفھم | ولا یحیطون بشیء من علمہ | الا بما شاء وسع کرسیہ | السموات والارض | ولا یؤدہ حفظھما | وھو العلی |
| یعلم ما بین ایدیھم | وما خلفھم | ولا یحیطون بشیء من علمہ | الا بما شاء وسع کرسیہ | السموات والارض | ولا یؤدہ حفظھما | وھو العلی | العظیم |

Marfat.com

## (۲۱) ہر حاجت پوری ہو اور ظالم کے ظلم سے نجات ملے

جو شخص باوضو پاک صاف ہو کر روزہ رکھے اور جمعرات کے روز آبادی سے باہر خلوت میں جب قمر عین شعاع میں ہو۔ اور اس نقش بالا کو سیسے کی لوح پر کندہ کرے اور اس پر اس کی عزیمت یعنی آیت الکرسی کو ۱۲۸۹ مرتبہ پڑھ کر دم کرلے۔ اور اس کو اپنے پاس رکھے۔ اس کی ہر حاجت غیب سے پوری ہو اور ظالم کے ظلم سے نجات ملے۔ لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ رہے۔ ظالم اندھا ہو جائے غرضیکہ بہت زیادہ اسرار و فوائد سے مستفید ہو۔

## (۲۲) حاسدین سے بچاؤ

جو شخص اس نقش بالا کو شرف مشتری میں نیک طالع میں سونے یا چاندی کی تختی پر کندہ کرے۔ روزہ بھی رکھے۔ اور پھر اس پر ۱۲۸۹ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کرے اور پاس رکھے۔ تو ہر قسم کے حاسدین سے محفوظ رہے اور میدان جنگ میں ہر مہم اور لڑائی میں فتح یاب ہو۔ اور زخموں سے محفوظ و مامون رہے۔ دشمنوں کے شر سے حفاظت میں رہے۔ اور حکام و روساء میں عزت پائے اور خواتین کے شرر سے بھی حفاظت میں رہے۔

## (۲۳) گھر میں خیر و برکت اور اضافہ مال

جو شخص اس نقش کو شرف مشتری میں نیک طالع میں کندہ کرکے گھر میں بڑے دروازہ کے اوپر لٹکائے۔ تو ہر قسم کے فتنہ و فساد سے گھر اور گھر والے حفاظت میں رہیں اور گھر کے مال و متاع میں برکت اور اضافہ نصیب ہو۔

## (۲۴) مرگی سے نجات

مذکورہ بالا نقش شرف شمس میں لکھ کر مرگی والے کے بازو پر باندھنے سے

Marfat.com

مرگی سے مکمل نجات نصیب ہوتی ہے فوراً آرام آجاتا ہے۔

## (۲۵) موذی جانوروں سے بچاؤ

جو شخص نقش مذکورہ کو شرف مریخ میں لوہے کے پترے پر کندہ کرے گا۔ اور اس پر عزیمت آیۃ الکرسی ۱۲۸۹ مرتبہ پڑھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ وہ شخص یا اس کے گھر والے موذی جانوروں۔ سانپ، بچھو۔ درندوں سے حفاظت میں رہیں گے نیز ہر اس شے سے جو زمین و آسمان سے نکلتی ہے۔ اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

## (۲۶) حضرت ابراہیم علیہ السلام کا نار نمرود سے بچنا

یہی وہ نقش عظیم ہے جو بوقت آگ نمرود میں پھینکے جانے کے فرشتہ نے لاکر حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دیا تھا۔ جس کی بدولت حضرت ابراہیم علیہ السلام آگ میں جلنے سے محفوظ رہے تھے۔

## (۲۷) حکام سے مطلب براری

جو شخص اس نقش کو باوضو ہو کر روزہ کے ساتھ ساعت شمس میں سیسے کے پترے پر لکھ کر اس پر آیت الکرسی ۱۲۸۹ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اپنے بازو میں باندھے یا ٹوپی میں محفوظ رکھے گا۔ جہاں کہیں بھی کسی بھی حاکم کے پاس کسی بھی مطلب جراری کے لیے جائے گا۔ انشاء اللہ العزیز اس کی بے انتہا عزت و آبرو ہو گی۔ اور اس کی حاجت براری بفضل تعالیٰ فوری پوری ہو گی۔

## (۲۸) مکان خالی کروانا

اگر کوئی کرائے دار مکان خالی نہ کرتا ہو۔ اور اکڑتا ہو۔ تو ایسے کرایہ دار سے مکان یا دوکان خالی کروانے کے لیے اس نقش کو باوضو حالت میں ساعت مریخ میں لکھے اور اس مکان کے دروازے کے نیچے دفن کر دے۔ نقش پر ۱۲۸۹ مرتبہ آیت الکرسی کا ورد ضرور کرے۔ اور اس کو موم جامہ کرکے دفن کرے۔ نقش پر

Marfat.com

کرائے دار کا نام اور اس کی ماں کا نام بھی ضرور لکھیں۔ انتہائی مجرب ہے۔ کرایہ دار بغیر کسی حیل و حجت اور لڑائی جھگڑے کے مکان خالی کر دے گا۔ اور اس مکان سے بچھو۔ سانپ۔ کیڑے مکوڑے بھی بھاگ جائیں گے مگر شرط یہ ہے کہ کسی کو ناجائز تنگ کرنے کے لیے استعمال نہ کرے ورنہ غضب الٰہی کا موجب ہو گا۔

## (۲۹) حاجت روائی کے لیے بے مثال دعا

جب کسی شخص کو سخت حاجت درپیش ہوں اور وہ کس طرح پوری نہ ہوتی ہو۔ تو ایسے وقت اس شخص کو چاہیے۔ کہ وہ جمعہ کی رات کو بعد نماز مغرب نوافل کے آخری سجدہ میں سو بار یہ دعا پڑھے۔ انشاء اللہ اس کی حاجت اسی وقت غیب سے اللہ جل شانہ پوری فرما دیں گے۔ دعا یہ ہے۔

يَا اللّٰهُ يَا رَبُّ يَارَحْمٰنُ يَارَحِيْمُ يَاحَیُّ يَاقَيُّوْمُ بِكَ اسْتَغِيْثُ وَبِحَقِ آيات كرسي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

## (۳۰) جنت کے آٹھ دروازوں کا حقدار

ارشاد رسول اللہ ﷺ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک سفید موتی پیدا کیا پھر اس موتی میں عنبر اشب یعنی آیۃ الکرسی کو پیدا کیا۔ اور اپنی عزت و جلال کی قسم کھا کر فرمایا کہ جو شخص ہر فرض نماز کے بعد اس کو پڑھے گا۔ تو اس کے لیے میں جنت کے آٹھوں دروازے کھول دوں گا۔ وہ جس دروازے سے چاہے اس میں داخل ہو جائے۔ میں اس سے کسی بھی قسم کی باز پرس نہ کروں گا۔

## (۳۱) قضائے حاجت کے لیے مجرب عمل و دعا

جس شخص کو ایسی حاجت اللہ تعالیٰ سے ہو جس کا دنیاوی طور پر پورا ہونے کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو ایسی حالت میں اس شخص پر لازم ہے کہ وہ وتروں سے پہلے دو رکعت نماز نفل اس طرح ادا کرے۔ کہ ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد تین بار قل ھو اللہ احد، پوری سورۃ پڑھے۔ پھر اس کے بعد سات بار آیۃ الکرسی

Marfat.com

پڑھے۔ بعد از سلام پیروں کے بل اکڑوں اس طرح بیٹھے کہ جسم پوری طرح اوپر اٹھا ہوا ہو۔ پھر آنکھیں بند کرکے اور یہ استغفار ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت مانگے۔ انشاء اللہ العزیز وہ حاجت غیب سے پوری ہوگی۔ دعاء استغفار یہ ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ وَاَسَالُهُ

التَّوْبَةَ لِيْ وَالِدِيَّ وَلِجَمِيْعَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

## (۳۲) برائے امن و امان اور خوف سے نجات

جو شخص انتہائی خوف زدہ رہتا ہو۔ اور کسی بھی پل اسے چین نصیب نہ ہو۔ اور وہ امن و امان کا متلاشی ہو۔ یا شہر میں دنگا فساد کی وجہ سے حالت امن میں بے انتہا نقص امن واقع ہو جائے۔ اور کسی بھی حالت میں سکون و چین حاصل نہ ہو۔ اور اندیشہ جان و مال ہو۔ تو ایسی حالت میں اس کے لیے لازم ہے۔ کہ وہ باوضو ہو کر دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ اور ہر رکعت میں بعد از الحمد شریف اور قل ھو اللہ شریف کے سات بار آیتہ الکرسی پڑھ کر بعد از سلام حسب ذیل دعا مانگے۔ اور پھر نیچے دیا گیا نقش زعفران و گلاب سے بنا کر اس پر آیتہ الکرسی ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ اور اپنے پاس رکھے یا گھر میں رکھے۔ انشاء اللہ ہر قسم کے اندیشہ نقص امن اور خوف سے محفوظ و مامون رہے گا۔

نقش حسب ذیل ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| و | ه | ا | ل | ا | ه | ل | ا | ا | ل | ه | ل | ل | ا |
| م | ی | ۶ | ی | ا | م | ی | ق | | ل | ا | ی | ٧ | ل |
| ۶ | ی | ٥ | د | م | ٢ | ت | ل | ج | ا | م | د | م | ٧ |
| ۷ | م | ل | ع | ن | م | ی | ش | ب | ن | د | ط | ی | ح |
| ۶ | د | ل | ۶ | س | د | ا | ش | ا | م | ب | لا | ا | ۲ |
| ل | الارض | د | ت | ا | د | ا | م | س | ل | ا | ۷ | ی | س |
| ۷ | و | ا | م | ح | ظ | ن | ۳ | ۷ | و | د | ی | ۲ | د |

Marfat.com

## آیۃ الکرسی کی خاص دعا

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقِّ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ
الْفَرْدُ الْقَدِیْمُ الْحَفِیْظُ الصَّمَدَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْمَلِکُ الْمُتَفَنِّلُ الْقَائِمُ بِکُلِّ
شَیْئٍ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ھَبْ لِیْ ھَیْبَۃً مِّنْ جَلَالِکَ تَحْجِبُ بِھَا عَنَّا الْمُضَارَّ
وَاکْسِبْ بِھَا الْمَسَارَّ وَ بِالسِّرِّ الَّذِیْ کَانَ یَدْعُوْکَ بِہٖ اٰدَمُ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَ
عَلَّمَتَہُ الْاَسْمَاءَ وَکُلَّھَا اَنِضْ اَللّٰھُمَّ عَلَیَّ مِنَ الْاٰئِکَ مَا یَحُوْلُ بَیْنِیْ وَ بَیْنَ
الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ اِنَّکَ اَنْتَ الْمَوْلٰی وَاَنَا مِنْ بَعْضِ الْعَبِیْدِ وَ اَنْتَ مَوْلَانَا
وَاَنَا عَبْدُکَ فَلَا یُقَالُ ھُوَ اِلَّا لَکَ یَا اَللّٰہُ یَا مَنْ لَاتَاخُذُ سِنَۃٌ وَلَا نَوْمٌ
اَسْئَالُکَ اَنْ تُحْیِیَنِیْ حَیٰوۃً طَیِّبَۃً لَا یَقَعُ فِیْھَا مَکْرُوْہٌ اَبَدًا یَا قَیُّوْمُ یَا مَنْ
قَامَتِ الْعَوَالِمُ کُلُّھَا بِقَھْرِکَ ھَا اَنَا بَیْنَ یَدَیْ قَیُّوْمِیَتِکَ عَلٰی بِسَاطِ
الْخَوْفِ مُتَرَدِیْ بِالْحِیَا مُقَنَّعَ بِالرَّجَاءِ مُلْقًی عَلٰی ظَھْرِیْ فِیْ حَمْدًا
السَّیِّاٰتِ الْاَسَارَۃِ مُتَوَکِّنًا عَلٰی عَمْشٰی اِنَّکَ قُلْتَ وَقَوْلُکَ الْحَقُّ اُدْعُوْنِیْ
اَسْتَجِبْ لَکُمْ وَ اَنَالَا اَطْلَبُ غَیْرَکَ وَلَا اَرْجُوْا سِوَاکَ مُوْقِنًا اِنَّہٗ لَا
یُخَلِّصُنِیْ مِمَّا اَنَا فِیْہِ اِلَّا اَنْتَ طَالِبًا لِلْاَجَابَتِہٗ مُسْتَظْھَرًا بِظَاھِرِ
الْاِغْلَاسِ مِنْ قَیُّوْمِیَّتِکَ یَا قَاھِرَ اَقْھِرْمَنْ یُّرِیْدُ قَھْرِیْ قَھْرًا یَمْنَعُہٗ مِنَ
التَّصَرُّفِ فِیْ نَفْسِہٖ فَضْلٌ مِّنْکَ عَلَیَّ یَامَنْ لَا تَاخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ مَنْ
اِرَادَانِیْ بِسُوْءٍ اَحْجِبْنِیْ عَنْہُ وَ اَمْنَعْہُ السِّنَۃَ وَالنَّوْمَ وَ ضَیِّقْ عَلَیْہِ الْاَرْضَ
بِمَا رَحُبَتْ لَا السَّرَّاءُ تُسَرِّہٗ بَلِ الضَّرَّاءُ تَضُرُّہٗ وَ اَشْغَلْہُ بَشْرِ الْاَشْغَالِ
لِاَنَّکَ لَا یَخْفٰی عَلَیْکَ الْخَفِیُّ یَا اَللّٰہُ ۳ یَا مَالِکَ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ وَمَا
فِیْھَا وَمَا بَیْنَھُمَا وَلَا تُمْلِکْنِیْ اَللّٰھُمَّ وَ اَسْبِلْ عَلَی الْاٰئِکَ سَتْرًا اَدْخِلْ بِہٖ
مَعَ اَوْلِیَائِکَ عَلٰی بَسَاطِ قُدْسِکَ وَ اُنْسِکَ یَا مَنْ لَا یَشْفَعُ عِنْدَہٗ اِلَّا بِاِذْنِہٖ
اِسْتَشْفَعْتَ بِالْوَحْیِ الَّذِیْ عَلٰی لِسَانَ الْاَنْبِیَاءِ عَلَیْھِمَ السَّلَامَ وَ بِخَیْرٍ
مِنْ خَلْقِکَ اَنْ تُجِیْرَنِیْ مِنْ جَمِیْعِ الْمَکْرُوْھَاتِ وَالْاٰفَاتِ وَالْمَضَرَّاتِ

Marfat.com

اَسَالُكَ يَا مَوْلَا اَنْ تَنْصُرَنِی عَلٰی مَنْ جَاءَ عَلَیَّ وَاَنْ تَهْزِمَ لِیْ مَنْ بَارَزَلِیْ وَاَنْ تَقْهَرَ مَنْ قَابِلَنِیْ وَ اَنْ تَخْذُلَ - اَعْدَائِیْ وَ تَمْنَعَهُمْ اَیْنَمَا اجْتَمَعُوْا وَ اَنْ تَلْعَنَهُمْ وَ تَفْضَحَهُمْ اَیْنَمَا انْتَزَمُوْادَاَنْ تَقْطَعَمُهِمْ تُفِیْنَهُمْ اَیْنَمَا اتَصَلُوْا وَاَنْ تَجْعَلَهُمْ فِی الظُّلْمَةِ يَعْمَهُوْنَ وَ عَلَى الذِّلَّةِ يُفْتَنُوْنَ وَ مِنَ النَّقْمَةِ لَا يُحَارُوْنَ وَلَا يَسْتَضِيْمُوْنَ سِرًّا وَّلَا جَهْرًا وَلَا يَسْتَفِيْدُوْنَ عِزًّا وَلَا فَخْرًا وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرًا وَّلَا صَبْرًا وَبْعَثْ عَلَيْهِمْ عَذَابًا مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ يَا عَالِمُ الْخَفِيَّاتِ وَ يَا غَافِرُ الذِّلَالَتِ وَ يَارَاحِمَ الْعَثْرَاتِ اَرْحَمْنِیْ وَ اغْفِرْلِیْ وَاسْتُرْلِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی اَعْدَائِیْ كَمَا نَصَرْتَ اَنْبِيَاءِ لَكَ عَلٰی اَعْدَاءِ لَكَ وَانْكَصْهُمْ عَلٰی اَعْسَابِهِمْ وَ اَسْحِبْهُمْ بِاالسَّلَاسِلَ وَالْاَغْلَالِ فِیْ اَعْنَاقِهِمْ وَاقْبِضْ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ كَی لَا يَفْقَهُوْنَ وَاصْمُهُمْ اِذَانَهُمْ كَی لَا يَسْمَعُوْنَ وَاطْمِسْ عَلٰی اَعْيُنِهِمْ كَی لَا يُبْصِرُوْنَ وَاخْتِمْ عَلٰی اَفْوَاهِهِمْ كَی لَا يَنْطِقُوْنَ وَامْسَخْهُمْ عَلٰی مَكَانَتِهِمْ كَیْ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ مُغِيْثًا وَلَا اِلٰی اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ اِنَّكَ اَنْتَ الْجَبَارُ وَالْمُتَكَبِّرُ وَالْقَابِضَ وَالنَّاصِرُ وَالْقَوِیَّ وَالْغَالِبُ وَالرَّافِعَ وَالْمُذِلَّ وَالْمُنْتَقِمَ وَالْمُهْلِكَ وَالشَّدِيْدُ وَالْخَذِلَ وَالْمُوَخِّرُ وَالْمَانِعُ وَالْقَابِضُ وَالْخَافِضُ وَالضَّادُّوَ وَالْقَاصِمُ ذُوْالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ - اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ وَ نَبِيِّكَ الْمُجَّلِ الْمُكَرَّمَ وَ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاٰيَةِ الشَّرِيْفَةِ وَالْاَسْمَاءَ الْمُنِيْفَةِ اَنْ تَحْفَظْنِی مِنْ بَيْنِ يَدَیَّ وَمِنْ خَلْفِیْ وَمِنْ فَوْقِیْ وَمِنْ تَحْتِیْ وَعَنْ يَمِيْنِیْ وَعَنْ شَمَالِیْ وَارْزُقْنِیْ الْاُحَاطَةَ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَیْ مِنْ عِلْمِهٖ اِلَّا بِمَاشَاءَ يَامَنْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْ عِلْمًا وَاحْصٰی كُلَّ شَیْ عَدَدًا اَسْئَلُكَ الْاَحَاطَةَ بِمَا بَيْنَ الْاِصْبَعِيْنَ وَالْخُرُوْجَ مِنَ الصِلَّتَيْنِ مَشْمَوْلاً بِالْاِعْتَدَالَاتِ مَجْذُوْمًا بِالْطَافِ الْعَنَايَةِ الرَّافِعَةِ بِالْطَافِ الرِّعَايَةِ الْجَامِعَةِ

Marfat.com

لِاَنْوَارِ الْهِدَايَةِ اِلٰى جَمِيْعِ الْعَوَائِدَ وَ جَزِيْلَ الْفَوَائِدَ وَ نَيْلِ الزَّوَائِدِ مُنْغَمِسًا فِى بِحَارِ رَحْمَتِكَ مُنْتَسِبًا فِىْ صَفَآءَ حَضْرَتِكَ مُنْصَرِفًا اِلٰى وَفَاءِ مَعْرِفَتِكَ مُتَوَجًا بِتِيْجَانِ الْكَرَامَةِ مُخَلِقًا بِاَخْلَاقِ السَّلَامِ اَسْئَالُكَ يَا مَنْ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَامَنْ وَّسِعَتِ قُدْرَتُهٗ وَ مَشِيْئَتُهٗ كُلَّ شَىْءٍ اَدْسِعُ لِىْ فِىْ رِزْقِىْ وَ فَرِّجْ عَنِّىْ كُرْبَتِىْ وَاغْفِرْ بِجُوْدِكَ وَ كَرَمِكَ ذَنْبِىْ وَاَدْخِلْنِىْ فِىْ سِرًا مِدَادِ اِسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ وَلَا يَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِىُّ الْعَظِيْمُ- اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ يَااللّٰهُ يَا حَىُّ يَا قَيُّوْمُ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاٰيَةِ الشَّرِيْفَةِ وَالْاَسْمَاءِ الْمَنِيْفَةِ اَنْ تَنْظُرَ اِلٰى رَحْمَةٍ وَاَنْ تَجْعَلْنِىْ مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ الَّذِيْنَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ - رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْم- رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً - اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَابُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ- يَامَنْ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَصْرِفْ عَنِّىْ مَا يَسُوْءُ مِنَ الظُّلْمِ وَالْاَعْثَارِ وَاجْبُرْقَلْبِىْ بِالظَّفْرِمِنْكَ يَا جَابِرُ الْقُلُوْبِ الْمُنْكَسِرَةِ وَامْزِحُ التَّرَحَ بِالْفَرْحِ فِىْ جُزْءِ يَّتِىْ وَ كُلِّيَتِنِىْ يَا قَوِىُّ قَوِّ قَلْبِىْ بَعْدَ الضَّعْفِ وَارْفَعْ عَلٰى رَاسِىْ رَايَةً يَشْهَدُ لَهَا الْعَالَمُ اِنِّىْ مَظْلُوْمٌ هَبْ لِىْ اَللّٰهُمَّ اَجْرَ الْمَظْلُوْمِ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَالَا تَعْلَمُ يَا غَنِىَّ ادْفَعْ عَنِّىْ مَا يَمْنَعُنِىْ مِنَ الْفَقْرِ يَا اللّٰهُ يَا عَلِىَّ يَا عَظِيْمٌ تَعَالَيْتَ عُلُوًّا كَبِيْرًا اَوْ عَظِّمْنِىْ بِعَظْمَتِكَ الْعَظِيْمَةِ وَ نَجِّنِىْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ وَامْدُدْنِىْ بِمَالَاَئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَ سَخِّرْلِىْ قُلُوْبِ خَلْقِكَ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَلَا يَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِىُّ الْعَظِيْمُ - اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا حَقُّ يَا مُبِيْنُ اَنْ تُنْجِنِىْ اَنَادَ مَنْ يَّاوَذِيْنِىْ مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ وَاَدْخِلْنِىْ فِى خَزَائِنِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَفْضَالَهَا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

Marfat.com

رَبِّ الْعَالَمِیْنَ مَفْتَاحُهَا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

اے اللہ تو بے شک وہ اللہ بادشاہ حق ہے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے تو واحد احد فرد قدیم حفیظ' صمد زندہ اور قائم بادشاہ ہے جو فضل کرنے والا ہے قائم ہے۔ ہر چیز کے ساتھ برتر و بزرگ ہے۔ مجھے اپنی ہیبت جلال دے دے جس سے مضرتیں زائل ہوں اور آسانیاں حاصل ہوں اور وہ راز عطا کر دے جس سے آدم تجھ کو پکارتے تھے۔ اور تو نے اپنے تمام نام ان کو سکھائے تھے۔ اے اللہ اپنی ایسی نعمتیں مجھے دے جو میرے اور دشمنوں کے درمیان حائل ہوں۔

تو آقا ہے۔ اور میں بندوں میں سے ہوں۔ تو مولیٰ ہے اور میں تیرا بندہ ہوں اور یہ تیرے ہی لیے خاص ہے۔ اے اللہ جس کو نیند ہے نہ اونگھ۔ سوال کرتا ہوں مجھ کو پاک زندگی دے کبھی کوئی برائی نہ ہو اے قیوم اے وہ ذات جس کے قہر کے ساتھ کل عالم قائم ہیں۔ اب میں موجود تیرے سامنے خوف زدہ حیا کی چادر اوڑھے امید کا مقنع ڈالے' اوندھا ہو گیا ہوں برائیوں میں اور اندھا ہوں بے شک تو نے کہہ دیا ہے اور قول تیرا سچ ہے کہ دعا کرو مجھ سے میں قبول کروں گا۔ اور میں تجھے طلب کرتا ہوں' مجھ پر ہے کہ تو ہی نکالے گا مجھ کو اس حالت سے جس میں کہ میں ہوں تیری قبولیت کا طالب' جسے اخلاص سے کہہ رہا ہوں کہ اے قاہر تیری قیومیت اس پر کرے جو مجھ پر قہر کرنا چاہے اور اس کے قہر کے تصرف کو روک دے۔ مجھ پر تیرا احسان ہو گا اسے وہ ذات کہ نہیں آتی ہے تجھ کو نیند نہ اونگھ۔ جو میرے ساتھ برائی کا ارادہ کرے اس کو مجھ سے روک دے اور اس کی نیند اور اونگھ کو روک دے زمین کی کشادگی کے باوجود اس پر تنگی کو اس کی خوشی کو رنج سے بدل دے۔ بلکہ ضرر ہو جس کو یہ تکلیف دے اور برے برے کاموں میں اس کو مشغول کر کیونکہ تجھ پر کوئی پوشید بات ڈھکی چھپی نہیں ہے۔ اے اللہ اے امالک زمین و آسمان مع ان چیزوں کے جو ان میں ہیں۔ اے اللہ تو مجھ کو

Marfat.com

میرے دشمنوں کی یا اس کی جو مجھ کو نقصان پہنچائے ملک نہ بنا میں تیرا ضعیف بندہ مظلوم اور فقیر ہوں۔ مجھے اپنی نعمتیں اپنے ولیوں کی بساط قدس و انس کے ساتھ دے دے اے وہ ذات کہ تیرے حکم کے بغیر تیرے حضور میں شفاعت نہیں کرا سکتا ہے۔ میں اس وحی کے واسطہ سے شفاعت کا امیدوار ہوں جو انبیاء علیہ السلام پر نازل ہوتی ہے۔ اور تیری بہترین خلقت کے طفیل تو پناہ دے مجھ کو کل مکروہات و آفات و مضرات سے سوال کرتا ہوں تجھ سے اے اللہ مدد دے مجھ کو جس نے مجھ پر ظلم کیا ہے اور ہزیمت دے اس کو جو مقابلہ کرے مجھ سے اور قہر نازل کر اس پر جو میرے سامنے آئے اور ترک مدد کر میرے دشمنوں کی' اور منتشر کر دے ان کو جہاں وہ جمع ہوں اور لعنت و فضیحت کر ان کو جہاں جدا ہوں۔ اور ٹکڑے کر کے ان کو فنا کر جہاں وہ ملیں اندھیرے میں ان کو پریشاں کر پر فتنہ ذلت میں ان کو ڈال اور ان کو عذاب دے پوشیدہ اور ظاہر و قائم نہ ہوں اور فائدہ حاصل نہ کریں عزت و فخر اور طاقت نہ رکھیں مدد و صبر نصیب نہ ہو اور ان پر عذاب نازل کر تو ان کو آگے اور پیچھے کو جانتا ہے۔ اے جاننے والے پوشیدگی اور اے بخشنے والے لغزشوں کے اور اے رحم کرنے والے مجھ پر رحم کر اور بخش دے مجھ کو اور پردہ پوشی کر میری اور مدد کر میری میرے دشمنوں پر جیسی مدد کی تو نے اپنے نبیوں کی ان کے دشمنوں پر ان کے دلوں پر قبضہ کر تاکہ سمجھ نہ سکیں اور بہرا کر ان کو تاکہ نہ سنیں اور مٹا دے ان کو آنکھوں سے تاکہ وہ دیکھ نہ سکیں اور مہر لگا دے ان کے منہ پر تاکہ بول نہ سکیں اور مسخ کر دے ان کو ان کی جگہ پر تاکہ طاقت نہ رکھیں روشنی کی اور اپنی اہل کی طرف لوٹ نہ سکیں۔ بے شک تو جبار و متکبر قابض و ناصر ہے اور قوی' غالب' قہار' رافع' مذل' منتقم' مہلک' موخر' مانع' قابض' خافض' ضرر رساں' مہلک اور ذوالجلال والاکرام ہے۔

اے اللہ سوال کرتا ہوں میں تجھ سے اسم اعظم و نبی بزرگ و مکرم اور بحق اس آیتہ شریف اور اسماء حنیف کے کہ حفاظت کر میری' میرے آگے پیچھے

Marfat.com

سے اور میرے اوپر نیچے سے اور میرے بائیں دائیں سے مجھے اپنے احاطہ میں لے لے۔ اور ان کا کوئی احاطہ نہیں ہے۔ اے وہ جس نے احاطہ کیا ہے۔ ہر چیز کا از روئے علم و شمار اور اعداد کے مانگتا ہوں میں احاطہ ساتھ اس چیز کے جو دونوں انگلیوں میں ہے۔ اور نکلنا دونوں علتوں سے بشمول اعتدالات جو جذب کیا گیا ہے الطاف عنایات کے موافق الطاف رعایات کے ساتھ جامع انوار ہدایت تمام عوائد اور کثیر فوائد کے اور حصول زوائد کے منغمس ہیں تیرے دربار رحمت میں منسوب ہیں میدان حضوری میں منصرف جانب وفاء معرفت تاج کرامت پوشیدہ اور اخلاق علامت سے آراستہ' سوال کرتا ہوں' میں تجھ سے اے وہ ذات جس کی کرسی آسمان و زمین کو گھیرے ہوئے ہے اے وہ ذات کہ وسیع ہے تیری قدرت تیری مشیئت پر وسیع کر میرا رزق اور مجھ سے غم و اندوہ دور کر دے اپنے فضل و کرم سے میرے گناہ بخش دے اور داخل کر مجھ کو امداد اسم اعظم میں اور اس کی حفاظت ماندہ نہیں کرتی ہے۔ تو بزرگ و برتر ہے۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے اللہ اے زندہ اے قائم بحق اس آیت شریف اور اسمائے بلند کے کہ میری مدد کر اس کے مقابلہ میں جس نے مجھ پر ظلم کیا ہے۔ اور قہر کر اس پر جس نے مجھ پر قہر کیا ہے نیز جس نے جو میرے ساتھ مکر بے وفائی اور برائی کا ارادہ کیا ہے۔ اور تیری گرفت منحد ہے۔ ہر جبار سرکش اور شیطان مردود پر جس نے بغاوت کی بندوں پر اور سرکشی کی شہروں میں اور کوشش کی فساد کی تیرا قہر جلد ان پر نازل ہوتا ہے تجھ سے فریاد کرتا ہوں میں اے اللہ اور سوال کرتا ہوں تجھ سے بحق اس آیت شریفہ اور اسماء بلند کے کہ مجھ پر نظر رحمت کر اور مجھے اپنے نیک بندوں میں کرلے جن پر کچھ خوف نہیں ہے اور وہ غمگین نہ ہوں گے اے رب ہمارے قبول کر ہماری دعا بے شک تو سننے والا اور علم والا ہے۔ اے رب ہمارے ہم کو مصیبت پر ثابت قدم رکھ اور ہماری مدد کر کافروں پر۔ اے ہمارے رب ہمارے دل ہدایت کے ساتھ روشن کر اور بخش ہم کو اپنے پاس سے رحمت بے شک تو بخشنے والا ہے۔ اور

Marfat.com

نہیں ہے حول و قوت مگر اللہ بزرگ و برتر کو اے وہ کہ تیری ذات آسمان و زمین سے وسیع ہے اور ہر بری چیز کو مجھ سے دور رکھ۔ مجھ کو ظالموں اور اغیار سے دور رکھ اور میرے دل کو اپنی مدد سے مضبوط کر اے ٹوٹے دلوں کو بدلہ دینے والے اور فرحت و خوشی میرے جزو کل میں بھر دے اے قوی' قوی کر میرا قلب اور میرے سر پر ایک علم بلند کر جسے تمام دنیا دیکھے اور میرے مظلوم ہونے کی گواہی دے اور اے اللہ مجھ مظلوم کی مدد کر بے شک تو وہ جانتا ہے جو میں نہیں جانتا اے غنی دفع کر مجھ سے وہ چیز جو مجھ کو فقر سے روکے اے اللہ' اے علی' اے عظیم بلند ہے۔ تو بہت بلند بزرگ کر مجھ کو اپنی عظمت عظیم کے طفیل میں اور نجات دے مجھ کو ظالموں سے اور اپنے مقرب فرشتوں کے ساتھ میری مدد کر اپنی کل مخلوق کا دل اپنی رحمت سے میرے لیے مسخر کر اے ارحم الراحمین تجھ عظیم و برتر کو حفاظت تھکاتی نہیں ہے۔ اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں اے اللہ' اے حق' اے مبین مجھ اور میرے متعلقین کو ظالموں سے نجات دے اور مجھ کو بسم اللہ کے خزانوں میں جس کا قفل الحمد للہ اور اس کی کنجی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہے داخل کر۔

## (۳۳) خوف ہلاکت اور دشمن سے محفوظ رہنے کا عمل

جس شخص کو اپنے ظالم دشمن سے اس بات کا شدید خدشہ ہو کہ وہ اس کو ہلاک کر دے گا۔ تو ایسے شخص پر لازم ہے۔ کہ وہ پاک صاف ہو کہ باوضو ہو کر آیت الکرسی کو تین سو تیرہ بار جو کہ تعداد اصحاب بدر ہے۔ پڑھے اور اس کے بعد یہ دعا پڑھے اور نقش گزشتہ صفحہ پر دیا ہوا زعفران یا مشک یا زردہ رنگ سے کسی نفیس کپڑے پر لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے دشمن کے ہر حربے سے محفوظ و مامون رہے گا۔ اور اس کو کسی بھی قسم کا ضرر دشمن نہ پہنچا سکے گا۔ اللہ رب العزت اسے اپنی حفظ و امان میں رکھیں گے۔ اور بے خوف رہے گا۔

Marfat.com

نقش صفحہ نمبر 23 پر دیکھیں۔

دعا حسب ذیل ہے۔

يَا قَاهِرُ يَا شَدِيْدُ ذَالْبَطْشِ اَللّٰهُمَّ كَمَا لَطَفْتَ بِلُطْفِكَ دُوْنَ اللُّطَفَاءِ وَ عَلَوْتَ بِعَظْمَتِكَ عَلَى الْعُظَمَاءِ وَ عَلِمْتَ مَا تَحْتَ اَرْضِكَ كَعِلْمِكَ بِمَا فَوْقَ عَرْشِكَ فَكَانَتْ وَسَاوِسُ الصُّدُوْرِ كَالْعَلَانِيَةِ الْقَوْلِ كَالسِّرِّ فِىْ عِلْمِكَ فَانْقَادَ كُلُّ شَيْءٍ بِعَظْمَتِكَ كُلُّ ذِىْ سُلْطَانٍ بِسُلْطَانِكَ وَصَارَ اَمْوَالُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ كُلِّهَا بِيَدِكَ اجْعَلْ لِىْ مِنْ كُلِّ هَمٍّ وَ غَمٍّ اَصْبَحْتَ وَ اَمْسَيْتُ فِيْهِ فَرَجًا وَ مَخْرَجًا۔ اَللّٰهُمَّ اَنَّ عَفْوَكَ عَنْ ذُنُوْبِىْ وَ تَجَاوُزَكَ عَنْ خَطَايَاىَ وَسِتْرَكَ عَلٰى قَبِيْحِ عَمَلِىْ اَطْمَعَنِىْ اَنْ اَسْئَلُكَ مَالَا اَسْتَوْجِبُهُ مِنْكَ مِمَّا قَصَرْتُ فِيْهِ اَدْعُوْكَ اٰمِنًا وَ اَسْئَلُكَ نِسَا فَاِنَّكَ الْمُحْسِنُ اِلَىَّ وَاَنَا الْمُسِىءُ اِلٰى نَفْسِىْ فِيْمَا بَيْنَ بَيْنَكَ تَوَدَّوَ اِلَىَّ بِالنِّعَمْ وَ اَتَبَغَّضُ اِلَيْكَ بِالْمَعَاصِىْ فَلَمْ اَجِدْ كَرِيْمًا اَعْطَفَ مِنْكَ عَبْدٍ لَئِيْمٍ مُّتْلِىْ وَلٰكِنَّ الثِّقَةَ بِكَ حَمَتَنِىْ عَلَى الْجُرْئَةِ عَلَيْكَ اَللّٰهُمَّ بِفَضْلِكَ وَ اِحْسَانِكَ عَلَىَّ اِنَّكَ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ اور یہ آیت الکرسی کی قسم ہے اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ بِتَضَوُّعِ نَسِيْمِ رُوْحِ رَيْحَانِ اَرْوَاحِ جَوَاهِرِ قُصُوْرِ بِحُوْرِ اَنْوَارِ ثُغُوْرِ اَسْرَارِ اسْمِكَ الْاَعْظَمِ الَّذِىْ اَنْتُفِعَتْ بِتَجَلِّيْهِ عَطَشُ اَكْبَادِ دَارِوِى حَوْنَنَّ بَرِّكَ قَاصِدَيْنِ سُنُوْحِ سِرِّكَ يَامَنْ لَهُ الْاِسْمُ الْاَعْظَمُ وَهُوَ اَعْظَمُ يَامَنْ تَقَدَّمَ عَلَاهُ عَنِ الْقِدَمِ وَهُوَ اَقْدَمُ يَامَنْ لَيْسَ لَهُ حَدٌّ فَيُعْلَمْ وَهُوَ اَعْلَمُ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ وَ بِنُوْرِ اسْمِكَ الْكَرِيْمِ الْاَكْرَمِ وَ بِمَا جَرٰے بِهِ الْقَلَمُ اَنْ تُصَلِّىْ وَ تُسَلِّمَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَسَلَّمَ وَاَنْ تُسَخِّرَلِىْ جَمِيْعِ مَا خَلَقْتَ مَا عَلِمْتَ مِنْهَا وَمَالَمْ اَعْلَمْ فَقَدْ دَعَوْتُكَ بِاِسْمِكَ الَّذِىْ نَجّٰى بِهٖ مَنْ نَّجٰى وَهَلَكَ بِهٖ مَنْ هَلَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ تَبَارَكْتَ وَ تَعَالَيْتَ يَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔

Marfat.com

## آیت الکرسی کی دوسری دعا

يَا حَيُّ قَيُّوْمُ يَا مَنْ قِوَامُ وَجُوْدِهٖ بِنَفْسِهٖ وَقِوَامُ وَجُوْدِ غَيْرِهٖ بِهٖ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ قَدْ رَفَعْتُ فَاقَتِي اِلَيْكَ وَ بَسَطْتُ كَفِّي بَيْنَ يَدَيْكَ فَلَا تُخَيِّبْ رَجَائِيْ فِيْكَ اَنْتَ الْجُوْدُ الْاَجْوَدِيْنَ وَ كَيْفَ لَا يَكُوْنُ ذٰلِكَ وَ لَيْسَ مِنْ سِوَاكَ وَجُوْدُ الْاَبِكَ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْوَاجِدُ حَقًّا لَا اِلٰهَ سِوَاكَ اَوْ جِدْ بِمَا فِيْ سِرِّا اسْمِكَ مَنْ وَجُوْدِ رَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ۳ بار وَصَلَّى اللّٰهُ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهِ الطَّاهِرِيْنَ الطَّيِّبِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

اے قاہر سخت گرفت۔ اے اللہ جیسا تو اپنے لطف سے تمام الطاف سے زیادہ مہربانی کی ہے۔ تمام بروں سے تو اپنی عظمت کے لحاظ سے بڑا ہے۔ جس طرح زمین کے نیچے کو جانتا ہے۔ ویسے ہی عرش کے اوپر کی چیزوں کو جانتا ہے۔ دلوں کے وسوسے تیرے سامنے ظاہر ہیں ہر غالب حاکم تیرے آگے ذلیل ہے۔ دنیا و آخرت کے تمام امور تیرے ہاتھ میں ہیں۔ ہر وہ رنج و غم' جس میں میں نے صبح و یا شام کی ہے۔ اسے میرے لیے کشادہ کر دے اے اللہ تیری معافی نے میری گناہوں سے اور میری خطاؤں سے درگزر کی اور تیری پردہ پوشی نے برے اعمال پر مجھے طمع دلائی کہ مانگوں تجھ سے وہ چیز جس کا مستحق نہیں ہوں اس میں سے جو تو نے کم کر دیا۔ میں تجھ کو حصول امن کے لیے پکارتا ہوں۔ اور تجھ سے محبت کے ساتھ سوال کرتا ہوں بے شک تو مجھ پر محسن ہے۔ اور میں خود خطا وار ہوں تو مجھے نعمتیں دیتے ہو مجھ سے محبت کرتا ہے۔ اور اس پر میں گناہوں میں گرفتار ہوں میں نے تجھ سے زیادہ مہربان نہیں پایا جو مجھ جیسے نالائق بندے پر مہربان ہے اور میں نے تیرے بھروسہ نے مجھ سے جرم کرائے اے اللہ مجھ پر اپنا فضل و احسان کر بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں تفرع کے ساتھ نسیم روح ایمان اروح جواہر دریا کے انوار اسرار اسم اعظم کے فضائل اسم

Marfat.com

تجلی سے پیاسے کلیجے، تمتع ہونے والے جبکہ سیراب کیا حوض اترنے قاصدوں کو ظہور اسرار سے اے ذات جس کے لیے اسم اعظم ہے اور وہ بہت بلند ہے۔ اے وہ ذات قدیم جس کی قدامت مقدم ہے۔ اور اس کی کوئی حد نہیں ہے( جن سے وہ خود ہی خوب جانتا ہے۔ تو خوب جانتا ہے کہ میں تجھ سے تیرے اسم اعظم اور تیرے اسم کریم کے نور کے ساتھ جو قلم نے لکھا ہے کہ درود و سلام بھیج ہمارے سردار حضور ﷺ پر اور مسخر کر میرے لیے اپنی تمام مخلوق کو جس کو میں جانتا ہوں یا نہیں جانتا ہوں میں نے بیشک دعا کی ہے تجھ سے اسم کے ساتھ جس کی وجہ نجات ملتی ہے۔ اور ہلاک ہوا جو ہلاک ہوا نہیں ہے کوئی معبود مگر تو جو برکت والا اور بلند ہے اے ذوالجلال واکرام۔

اے زندہ اے قائم اے وہ ذات جس کے وجود کا قوام اس کے نفس سے ہے اور اس کے غیر کے وجود کا قیام و قوام اسی کی وجہ سے ہے۔ نہیں ہے حول و قوت مگر تیری بے شک اٹھایا ہے اپنا فاقہ تیری طرف اور میں نے اپنا ہاتھ تیرے آگے پھیلایا ہے تو میری آس نہ توڑ تو بہت بڑا بخشش والا ہے۔ اور یہ بات کیوں نہ ہو جب کہ سب نعمتوں کا وجود تجھی سے ہے۔ بے شک تو ہی واحد ہے۔ از روئے حق کے اور نہیں ہے۔ کوئی اور معبود سوائے تیرے۔

## (۳۴) نقش حی اور اس کے فوائد

جو شخص بعد از نماز فجر آیت الکرسی ستر مرتبہ پڑھے۔ اور اس کے بعد اسم حی کا لاتعداد مرتبہ ذکر کے یہاں تک کہ بے حال ہو جائے۔ اور پھر اس کے بعد درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر اسم حی کا نقش زعفران یا زردہ رنگ سے بنا کر پہنے۔ تو اس کی عمر بے حد و حساب بڑھ جائے گی۔ اور نور توحید سے اللہ تعالیٰ اس کا قلب زندہ و منور کر دیں گے۔

Marfat.com

نقش حسب ذیل ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| حی | ۳۱ | ۳۸ | ۳۵ |
| ۲۶ | ۲۴ | ۱۹ | ۳۰ |
| ۲۳ | ۲۶ | ۳۳ | ۲۰ |
| ۲۴ | ۲۱ | ۳۲ | ۳۷ |

## (۳۵) نقش قیوم اور اس کے فوائد

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ ظاہری و باطنی حکم کامالک ہو جائے اور اس کی بات ہر شخص مانے تو اس کے لیے لازم ہے کہ وہ بعد نماز تہجد آٹھ رکعت نماز نفل اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین بار سورہ اخلاص اور سات بار آیت الکرسی پڑھے اور پھر ہر سجدہ میں ستر بار الٓمٓ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمِ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا پڑھے۔ بعد از فراغت ۳۰۳ بار وَاِلٰھُکُمْ وَاِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمِ اور اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمِ پڑھے اور اس کے بعد اس اسم کا ایک نقش کاغذ پر زعفران و گلاب یا زردہ رنگ و گلاب سے لکھے اور اس کو خوشبو لگا کر کسی سبز کپڑے میں بند کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھے۔

نقش حسب ذیل ہے

| | | |
|---|---|---|
| ۱۵۳ | ۶۰ | ۱۵۵ |
| ۱۵۸ | قیوم | ۱۵۴ |
| ۵۷ | ۵۲ | ۱۵۶ |

نئے چاند کی پہلی جمعرات کو یہ کام کرے۔ اور ہر قمری چاند کی جمعرات کو اس پر ان اسماء کا ۳۰۳ بار بمعہ ۲۱ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کرے۔

Marfat.com

# (۳۶) رزق - جان و مال کی حفاظت

جو شخص اپنے دشمنوں کے ہاتھوں تنگ اور پریشان ہو۔ اور چھٹکارے کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو۔ تو ایسا شخص آیت الکرسی کا روزانہ ورد بعد نماز عشاء اس کے اعداد کے موافق جو کہ ۱۴۸۹ مرتبہ پڑھے اور اول و آخر درود پاک گیارہ گیارہ بار پڑھے گا۔ اس کا دشمن مغلوب ہوگا۔ یہ عمل ۴۱ روز تک کرے۔ انشاء اللہ دشمن مکمل طور پر زیر ہو جائے گا۔ دوران عمل دشمن کا تصور اپنے سامنے رکھے۔ ناجائز بالکل نہ کرے۔ ورنہ خود ذمہ دار ہوگا۔

Marfat.com

## (۷۲) ڈنگ لگنے کا علاج

جس شخص کو کسی بھی زہریلے جانور نے کاٹ لیا ہو۔ تو وہ تھوڑا سا روغن کنجدے کر اور اس پر تین بار آیت الکرسی بمعہ درود و شریف اول و آخر پڑھے پھر یہ آیات اس پر پڑھ کر دم کرے۔ بعد میں روغن کنجد کو نیم گرم کر کے ڈنگ والے مقام پر مالش کرے۔ انشاء اللہ زہر کا اثر مکمل طور پر ختم ہو جائے گا۔ اور مکمل آرام آجائے گا۔ آیات یہ ہیں اَلَّذِیْ مَنْ عَلٰی تَرِیَۃٍ سے نَذِیْرٌ تک (پ ۳ ع ۲) تک تین بار۔ اس کے بعد وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِھِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سے لَا یُبْصِرُوْنَ تک تین بار۔ سورہ والضحیٰ تین بار۔ سورہ الم نشرح تین بار۔ سورہ اخلاص تین بار۔ معوذتین تین' تین بار۔

## (۷۳) ظالم زمین دار سے بچاؤ

جس شخص کو کسی بااثر زمین دار سے اپنی زمین کے چھن جانے کا خطرہ لاحق ہو تو وہ شخص مناسب سائز کے پانچ پتھر لے۔ پھر اس پر سورہ فاتحہ سات بار۔ سورہ اخلاص تین بار معوذتین ایک بار۔ پھر سورہ تَبَارَکَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْکُ پوری سورہ ایک بار پھر آیت الکرسی مکمل دس بار۔ درود شریف ابراہیمی دس بار پڑھ کر دم کرے۔ اس کے بعد چار پتھروں کو باغ یا زمین کے چاروں کونوں میں اور ایک پتھر زمین یا باغ کے وسط میں دفن کر دے۔ انشاء اللہ اس عمل کے اثر سے ظالم زمینداروں کے ہاتھوں اس کی زمین چھن جانے سے ہمیشہ کے لیے بچ جائے گی۔

## (۷۴) بند کاروبار جاری کرنا

جس شخص کا کاروبار سحر یا جادو ٹونے کی وجہ سے بالکل بند ہو گیا ہو۔ یا بکری انتہائی کم ہو گئی ہو۔ وہ شخص درج ذیل عمل کرے۔ انشاء اللہ العزیز بندش مکمل طور پر ختم ہو جائے گی۔ اور بند کاروبار جاری ہو جائے گا۔ یہ عمل ۴۱ روز تک جاری رہے گا۔ عمل یہ ہے۔

Marfat.com

سورہ رحمٰن کی آیت یَمَعْشَرَ الْجِنِّ سے لے کر اِلاَّ بِسُلْطٰنٍ تک ۷۰ مرتبہ بعد از نماز فجر بمعہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھ کر پانی کو دم کرے پھر یہ دم کیا ہوا پانی دوکان کے اندر چھڑکیں۔ اور یہی دم کیا ہوا پانی خود بھی پیئے۔ اس کے بعد ہر روز ۷ مرتبہ سورہ فاتحہ۔ ۷ مرتبہ سورہ اخلاص اور ۷ مرتبہ آیت الکرسی جس میں وَلَا یَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا ۲۱ بار اور پھر ۲۱ مرتبہ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ پڑھ کر دعا کیا کرے۔

## (۷۵) باری کا بخار

جس بچے یا بڑے کو باری کا بخار ہو اور نہ اترتا ہو۔ تو اس شخص کو روزانہ مندرجہ ذیل عمل کا پانی دم کر کے پلائیں۔ پانی وقفے وقفے سے سارا دن میں ختم کریں۔ تین دن میں مکمل شفاء حاصل ہوگی۔ عمل یہ ہے۔

سورہ فاتحہ 7 بار - سورہ اخلاص 7 بار - آیت الکرسی 7 بار - سورہ رحمٰن 3 بار سورہ قصص 3 بار - اول و آخر درود پاک گیارہ گیارہ بار۔

## (۷۶) عجیب پرتاثیر عمل

سید شاہ برکات صاحب قبلہ حضرت شاہ حمزہ صاحب نے یہ عمل کاشف الاسرار شریف میں تحریر فرمایا ہے۔ کہ جو شخص اس کی مداومت ہر نماز کے بعد کیا کرے گا۔ اس کے عجیب و غریب پُر تاثیر فوائد و برکات سے فیض یاب ہوگا۔ عمل اس طرح ہے کہ آیت الکرسی بعد از ہر نماز اس طرح پڑھے کہ ہر وقف پر ایک انگلی بند کرے۔ یہ عمل سیدھے ہاتھ کی چھنگلیا سے شروع کرے اور الٹے ہاتھ کے انگوٹھے پر ختم کرے۔ جب دسوں انگلیاں بند ہو جائیں تو پھر سورہ الم نشرح اور سورہ اخلاص تین تین بار پڑھے اور درود شریف ابراہیمی بھی تین بار پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے دم کرے۔ اس کے بعد سورہ فاتحہ اس طرح پڑھے کہ بسم اللہ شریف کی میم کو لام کے ساتھ ملا کر پڑھے اور آمین کہہ کر ایک انگلی کھول دے۔ اس طرح دس بار پڑھ کر دسوں انگلیاں کھول دے جب سب انگلیاں کھل جائیں اور اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے پھونک مارے اور پھر اپنے چہرے اور سارے بدن پر

Marfat.com

دونوں ہاتھوں کو اچھی طرح مل لے۔

محبت اور رزق کے لیے یہ عمل بے انتہا پر اثر ہے۔ اس کے لیے یہ کرے کہ جب رزق کا معاملہ ہو تو آیت الکرسی کے کلمہ یَشْفَعُ عِنْدَهٗ پر دونوں عینوں کے درمیان وسعت رزق اور دولت دارین کا تصور رکھے اور اگر مطلوب مقصود ہو۔ تو ان دونوں عینوں کے درمیان محبوب یا مطلوب کا تصور باندھے۔

اگر یہ عمل عداوت اور دشمن کے لیے پڑھے۔ تو یَعْلَمُ مَا بَیْنَ کی دونوں میموں کے درمیان اس دشمن کا تصور کرے۔ اور پر اثر اور پر نافع تاثیر دیکھے۔

## (۷۷) عمل وسعت رزق و حصول ایمان

جس شخص کے رزق میں بے انتہا کمی ہو۔ اور وہ ایمان کے معاملہ میں بھی کمزور ہو اور یہ چاہتا ہو کہ اس کا دل و دماغ ایمان کی دولت سے مالا مال ہو جائے اور ساتھ ہی اس کے رزق میں بے انتہا ترقی ہو۔ تو اس کے لیے لازم ہے کہ وہ اس عمل کو نوچندی جمعرات سے ہر فرض نماز کے بعد کرے ہر فرض نماز کے بعد وہ بغیر کلام کئے آیت الکرسی پڑھ کر یہ آیت کریمہ ایک بار پڑھے۔ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مُخْرَجًا وَّیَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ وَمَنْ یَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا اس کے بعد ایک بار سورہ فاتحہ - سو بار سورہ اخلاص ۳ بار درود شریف پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کرکے دم کرے۔

انشاء اللہ اس عمل سے روزی فراخ ہوگی۔ ہول دل ختم ہوگا۔ سکرات موت میں آسانی ہو۔ قبر میں کشادگی و راحت ہو۔ خاتمہ بالخیر والایمان ہو۔ حق تعالیٰ اس کی روح بغیر توسط ملک الموت قبض فرمائے گا اور اسی وقت جنت میں داخل فرمائے گا۔

## (۷۸) نماز قضائے حاجت

بروایت حضرت انسؓ ارشاد رسول اللہ ﷺ ہے کہ جسے دنیا و آخرت کی کسی بھی قسم کی کوئی حاجت درپیش ہو تو وہ سب سے پہلے غسل کرے۔ پاک صاف

Marfat.com

ہو کر اللہ کی راہ میں کچھ صدقہ دے۔ پھر بدھ ۔ جمعرات اور جمعہ کا روزہ رکھے پھر جمعہ کو جامع مسجد میں جاکر بارہ رکعت نماز نفل برائے قضائے حاجات اس طرح ادا کرے۔ کہ پہلی دس رکعتوں میں سورہ فاتحہ کے بعد دس بار آیت الکرسی اور آخر کی دو رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد پچاس بار سورہ اخلاص پڑھے گا۔ اور بعد از سلام پھیرنے کے وہ کثرت سے درود پاک پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے حضوری قلب کے ساتھ دعا برائے اپنی حاجت مانگے گا۔ اللہ تعالیٰ پردہ غیب سے اس کی وہ حاجت پوری فرمائیں گے۔

## (۷۹) نظر بد کا عمل

جو شخص یا بچہ نظر بد میں مبتلا رہتا ہو۔ تو درج ذیل نقش آیت الکرسی زعفران و گلاب یا زردہ رنگ و گلاب سے کسی کاغذ پر بنا کر خوشبو لگا کر بچے کے گلے میں موم جامہ کرکے پہنائیں اور بڑے کے سیدھے ہاتھ کے بازو پر باندھیں' انشاء اللہ نظر بد سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے محفوظ و مامون رہے گا۔ نقش حسب ذیل ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۶۶۴ | ۳۶۷۷ | ۳۶۷۴ | ۳۶۷۱ |
| ۳۶۷۵ | ۳۶۷۰ | ۳۶۶۵ | ۳۶۷۶ |
| ۳۶۶۹ | ۳۶۷۲ | ۳۶۷۹ | ۳۶۶۶ |
| ۳۶۷۸ | ۳۶۶۷ | ۳۶۶۸ | ۳۶۷۳ |

## (۸۰) جن کا جلنا

ابن قیتبہ نے بیان کیا ہے کہ میں بصرہ میں خرما کی تجارت کی غرض سے گیا۔ کرایہ پر مجھے کوئی مکان نہ ملا۔ صرف ایک گھر ملا۔ جس پر مکڑی نے جالے تان رکھے تھے۔ میں نے مالک مکان سے اس کی وجہ دریافت کی۔ اس نے کہا۔ کہ اس مکان میں

Marfat.com

ایک جن رہتا ہے اور کسی کو زندہ نہیں چھوڑتا ہے۔ میں نے مالک مکان سے مکان کرایہ پر مانگا۔ اس نے جواب دیا۔ کہ کیوں اپنی جان کے درپے ہو اور اسے ہلاکت میں ڈالتے ہو۔ میں نے کہا کہ کچھ بھی ہو' مجھے یہ مکان ہر صورت میں کرایہ پر درکار ہے۔ میں اپنی جان کا خود ذمہ دار ہوں۔ اللہ تعالیٰ میرا مددگار ہے۔ اور جن میرا کچھ بھی نہ بگاڑ سکے گا۔ اس نے وہ مکان مجھے دے دیا۔ اور میں اس میں ٹھہر گیا۔ جب رات ہوئی تو ایک شخص باسیاہ فام جس کی آنکھیں شعلہ فشاں تھیں۔ وہ میری طرف آیا' میں نے اسے دیکھ کر بلند آواز سے آیت الکرسی پڑھنا شروع کی۔ اس نے بھی آیت الکرسی پڑھنا شروع کر دی۔ میرے ساتھ ساتھ وہ بھی آیت الکرسی پڑھتا رہا۔ لیکن جب میں اس لفظ وَلَا یَؤُدُہٗ حِفۡظُهُمَا وَهُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمِ پر پہنچا۔ تو وہ یہ الفاظ نہ پڑھ سکا۔ اس پر میں نے انہی الفاظ کی تکرار بار بار شروع کر دی۔ جس پر وہ بھاگ گیا۔ اور اس کے آنے کی تاریکی جاتی رہی۔ پھر میں سو گیا' اور ساری رات آرام سے سویا رہا۔ لیکن اس نے مجھے تنگ نہ کیا۔ جب صبح ہوئی تو میں نے اٹھ کر دیکھا کہ جس جگہ وہ رات کو کھڑا ہوا تھا۔ وہاں نشان جلنے کا اور راکھ بھی موجود تھی' میں بہت زیادہ متعجب ہوا اس پر ایک کہنے والے کی آواز آئی۔ کہ تو نے رات کو ایک بہت بڑے جن کو جلا ڈالا ہے۔ میں نے پوچھا کہ وہ کس چیز سے جل گیا ہے جواب ملا' کہ وہ اس کلمہ سے جل گیا ہے۔ وَلَا یَؤُدُہٗ حِفۡظُهُمَا وَهُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمِ

## (۸۱) جادو کا خاتمہ

اگر کسی شخص پر فراموش سحر ہو گیا ہو۔ اور اس کی وجہ سے وہ بے حد بیمار و پریشان رہتا ہو۔ تو اس کے اثر کو زائل کرنے کے لیے صبح کے وقت سورج نکلنے سے پہلے غسل کرے۔ پھر احرام باندھ کر قبلہ کی طرف متوجہ ہو کر ایک ہزار مرتبہ آیت الکرسی بمعہ بسم اللہ پڑھ کر دم کرے اور اس عمل کو اکیس روز تک جاری رکھے۔ بفضل تعالیٰ اس سحر کا اثر' ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گا۔

Marfat.com

## (۸۲) بچوں کا سوکھا پن اور مسان

اگر کسی بچے کو مسان کھلا دیا گیا ہو۔ اور وہ دن بدن سوکھ کر کانٹا ہوتا جائے اور کوئی علاج کارگر نظر نہ آئے، تو ایسی صورت میں مندرجہ ذیل عمل نافع ثابت ہوگا۔ اس کے لیے آدھ سیر تلوں کا صاف ستھرا تیل لے کر اس پر مندرجہ ذیل آیات پڑھ کر دم کرلیں۔ باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر یہ عمل کریں۔

بسم اللہ شریف بمعہ سورہ فاتحہ ایک بار۔ آیت الکرسی تین بار پھر بسم اللہ شریف کے بعد وَالصّٰفّٰتِ صَفًّا سے لَازِبٍ تک (سورہ الصافات) ایک بار پھر قُلْ اُوْحِیَ سے لے کر شَطَطًا تک (سورہ جن) ایک بار پھر سورہ کافرون ایک بار۔ پھر قل شریف ۳ بار۔ سورہ فلق ۳ بار سورہ والناس ۳ بار پڑھ کر دم کرلیں۔ بچے کا سر منڈوا کر روزانہ اس پر یہ دم کیا تیل سر سے پاؤں تک پورے جسم پر ملیں، جسم کا کوئی بھی حصہ خالی نہ رہے اور اس تیل کو سارا دن بدن پر ملے رہنے دیں۔ شام کو نہلالیں۔ یہ عمل ۴۰ یوم تک جاری رکھیں۔ انشاء اللہ اس عمل سے بچے پر سے مسان کا اثر ختم ہو جائے گا، اور اس کا سوکھا پن ختم ہو کر صحت کاملہ حاصل ہو جائے گی۔

## (۸۳) دل کا درد

جس شخص کے دل میں ہلکا ہلکا درد ہر وقت رہتا ہو۔ اور اس سے طبیعت گھبراتی ہو۔ وہ شخص کسی سفید کاغذ پر گلاب و زعفران سے آیت الکرسی لکھ کر پانی سے دھو کر پی لے۔ اور اس کاغذ کو چبالے۔ اس سے دل کا درد آہستہ آہستہ ختم ہو جائے گا۔ اور پھر ایسی شکایت نہ ہوگی۔ انشاء اللہ۔

## (۸۴) پنڈلیوں اور پسلیوں کا درد

جس شخص کی پنڈلیوں اور پسلیوں میں اکثر درد رہتا ہو۔ اور علاج معالجے سے درست نہ ہوتا ہو۔ تو ایسے شخص کے لیے لازم ہے۔ کہ وہ مٹی کا ایک کورہ برتن لے کر اس کے اندر گلاب و زعفران سے آیت الکرسی بمعہ بسم اللہ شریف لکھے۔ پھر

Marfat.com

اس کورے برتن میں روغن زیتون ڈال کر اس کے حروف کو اچھی طرح حل کرے۔ پھر اس روغن زیتون کو ہلکی آنچ یا گرم راکھ پر رکھ کر گرم کرے۔ اس تیل کی مالش روزانہ پنڈلیوں اور پسلیوں پر کرے۔ انشاء اللہ العزیز چند یوم میں یہ درد ہمیشہ کے لیے جاتا رہے گا۔ اور پھر کبھی نہ ہوگا۔ انتہائی پر تاثیر عمل ہے:

## (۸۵) دست روکنے کے لیے

جس شخص یا عورت کو دست آتے ہوں اور کسی طرح بھی بند نہ ہوتے ہوں تو اسے پہلے دن صرف بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور دوسرے دن بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الٓمّٓ ○ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ کاغذ پر لکھ کر پیٹ پر باندھنا چاہیے۔ اس سے دست فوراً رک جائیں گے۔ اور جب تک یہ تعویز پیٹ پر رہے گا۔ دست کی شکایت پھر نہ ہوگی۔

## (۸۶) مرض طحال

جو بچہ یا بڑا مرض طحال میں مبتلا ہو۔ تو اس کے لیے کسی کاغذ پر آیت الکرسی بمعہ بسم اللہ شریف زعفران و گلاب سے لکھ کر اس کے مقام طحال پر پیٹ پر باندھ دیں چند یوم میں طحال کے مرض سے نجات مل جائے گی۔ انتہائی مجرب ہے۔

## (۸۷) حفاظت صحت

جو شخص تمام عمر کے لیے ہر قسم کی بیماریوں۔ بلاؤں و آفات سے صحت کاملہ چاہتا ہو۔ اس کے لیے لازم ہے کہ کسی سفید ریشمی کپڑے پر زعفران و گلاب سے آیت الکرسی بمعہ بسم اللہ شریف اور مندرجہ ذیل آیات لکھ کر اور اسے خوشبو لگا کر اپنے پاس رکھے یا گلے میں ڈالے۔ یہ کام باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر کرے۔ انشاء اللہ ہر قسم کے شر اور بیماری سے تازندگی محفوظ رہے گا۔ آیات یہ ہیں۔

فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ○ وَھُوَ الْقَاھِرُ فَوْقَ عِبَادِہٖ وَ یُرْسِلُ عَلَیْکُمْ حَفَظَۃً اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ حَفِیْظٌ ○ وَکُنَّا لَھُمْ

Marfat.com

حَافِظِیْنَ ○ وَرَبُّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ حَفِیْظٌ ○ وَ عِنْدَنَا کِتَابٌ حَفِیْظٌ ○ لِکُلِّ اَدَّابٍ حَفِیْظٍ ○ وَاِنَّ عَلَیْکُمْ لَحَافِظِیْنَ ○ وَحِفْظًا مِّنْ کُلِّ شَیْطَانٍ مَّارِدٍ وَ حِفْظًا ذٰلِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ○ وَحَفِظْنَاھَا مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ رَّجِیْمٍ ○ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَ اِنَّا لَہٗ لَحَافِظُوْنَ ○ لَہٗ مُعَقِّبَاتٌ مِنْ بَیْنِ یَدَیْہِ وَمِنْ خَلْفِہٖ یَحْفَظُوْنَہٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰہِ حَفِیْظٌ عَلَیْھِمْ وَمَا اَنْتَ عَلَیْھِمْ بِوَکِیْلٍ ○ اِنْ کُلِّ وَ نَفْسٍ لَّمَا عَلَیْھَا حَافِظٌ ○ بَلْ ھُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ○ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ○

اس کے بعد سورہ اخلاص بمعہ بسم اللہ شریف۔ اور معوذتین بمعہ بسم اللہ شریف لکھیں۔

## (۸۸) حفاظت کے لیے

ارشاد رسول اللہ ﷺ ہے۔ کہ جو شخص روزانہ صبح کو سورہ مومنون کی ابتدائی آیات حٰمٓ ○ سے لے کر اِلَیْہِ الْمَصِیْرُ تک بمعہ آیت الکرسی پڑھے گا۔ وہ سارا دن شام تک اور شام کو پڑھنے والا صبح تک مامون و محفوظ رہے گا۔

## (۸۹) برائے تسخیر

اگر کوئی کسی شخص ' دوست یا بیوی کو مسخر کرنا چاہے۔ یا کسی حاکم سے کسی بھی قسم کا فائدہ حاصل کرنا چاہے۔ تو اس کے لیے لازم ہے کہ عروج ماہ میں جمعرات یا جمعہ کے روز اس عمل کو شروع کرے۔ بعد نماز عشاء باوضو ہو کر قبلہ رخ بیٹھے اور اپنی آنکھیں بند کر کے سب سے پہلے گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھے پھر ایک ہزار دس مرتبہ اسم اللہ مع اس عبارت کے پڑھے یَا مُقَلِّبُ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَہٗ اِلَیَّ اس وقت اپنے مطلوب کو اپنے سامنے کھڑا ہوا تصور کرے۔ جب عمل پورا ہو جائے تو اس کے سینہ پر تصور میں پھونک لگائے اور اپنے دل میں اسے یہ حکم دے۔ کہ میرا

Marfat.com

مطیع ہو جا۔ پندرہ روز کے عمل میں مطلوبہ مقصد حاصل ہو گا۔ اگر ممکن ہو۔ تو کسی مٹھائی وغیرہ پر بھی دم کر کے اس کو کھلائے۔ انشاء اللہ تمام عمر مطیع و فرمانبردار رہے گا۔ عورت ہونے کی صورت میں قَلْبَهَا اِلَیَّ پڑھیں۔

## (۹۰) برائے حب

جو شخص دوسروں کو مطیع کرنا چاہتا ہو۔ تو اس کے لیے لازم ہے۔ کہ وہ درج ذیل نقش کو باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر شرف شمس میں زعفران و گلاب سے لکھ کر اپنی ٹوپی یا پگڑی میں موم جامہ کر کے اور خوشبو لگا کر رکھے۔ وہ عدالت۔ یا کسی بھی آفس میں جائے گا۔ لوگ انشاء اللہ اس کے مطیع و فرمانبردار ہوں گے۔ نقش بنانے کے بعد ۱۱ بار آیت الکرسی اور ۱۰۱ بار یا حی یا قیوم پڑھ کر دم بھی کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۶ | ۲۹ | ۲۶ | ۲۳ |
| ۲۷ | ۲۲ | ۱۷ | ۲۸ |
| ۲۱ | ۲۴ | ۳۱ | ۱۸ |
| ۳۰ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۵ |

## (۹۱) نقصان سے محفوظ رہنے کے لیے

جس کسی کو اس بات کا خدشہ ہو۔ کہ اسے کوئی شخص نقصان پہنچا سکتا ہے تو اس پر لازم ہے۔ کہ وہ بعد نماز فجر دعا مانگنے سے پہلے سجدہ کی جگہ پر اپنے دائیں ہاتھ کی پانچوں انگلیوں کو زمین پر اچھی طرح رگڑے۔ اور یہ تصور رکھے۔ کہ وہ متعلقہ شخص کو رگڑ رہا ہے۔ اور پھر ایک بار آیت الکرسی پڑھ کر اس جگہ ہلکی سی پھونک مار کر اوپر سے ہاتھ کی تالی لگائے انشاء اللہ العزیز اس شخص کے نقصان و ضرر سے محفوظ رہے گا۔

Marfat.com

## (۹۲) چور کے بارے میں معلوم کرنا

اگر کسی کی چوری ہو جائے اور چور کے بارے میں کچھ پتہ نہ چلتا ہو۔ تو اسے چاہیے کہ ایک خالی مشک لے کر باوضو حالت میں اس پر آیت الکرسی لکھے اور سات انبیاء علیہم السلام کے نام جو کہ نوح' لوط' صالح' ابراہیم' موسیٰ' عیسیٰ اور محمد ﷺ لکھے۔ اس کے بعد ہر نبی کے نام کے ساتھ ایک بار آیت الکرسی پڑھے اور اس مشک پر پھونک مار دے اس طرح یہ عمل سات بار کرے۔ ہر مرتبہ آیت الکرسی کے بعد یہ دعا مانگے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِمَا اَرْسَلْتَ ھٰذَا اَنْ تَنْفَعَ بَطْنَ ھٰذَا السَّارِقُ كَمَا نَفَعْتَ ھٰذَا الْقَرْلَتَه

اب مشک کا منہ باندھ کر دیوار کے ساتھ لٹکا دے انشاء اللہ العزیز پیٹ چور کا پھولتا جائے گا۔ اور وہ اس قدر پریشان اور بے چین ہو جائے گا۔ کہ جب تک وہ چرایا ہوا مال واپس نہ کرے گا۔ اس کے لیے پیٹ کا پھولاؤ عذاب بنا رہے گا۔ اس مقصد کے لیے یہ نہایت نافع اور آزمودہ عمل ہے۔

## (۹۳) سانپ سے حفاظت

جس گھر میں سانپ موجود ہوں۔ اور ہر وقت بچے بڑے ڈرتے ہوں کہ کہیں وہ کوئی نقصان نہ پہنچا دیں تو سانپ سے گھر کو پاک کرنے کے لیے دریا سے مصفا ریت لے کر باوضو ہو کر اس پر ایک بار سورہ فاتحہ اور تین مرتبہ آیت الکرسی اور ایک مرتبہ چاروں قل پڑھ کر دم کرے اور ساتھ ہی یہ دعا بھی پڑھے۔ سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ یہ عمل سات بار کرے۔ اور پھر اس ریت کو گھر کے تین کونوں میں ڈال دے اور چوتھا کونا سانپوں کے فرار ہونے کے لیے کھلا چھوڑ دیا جائے انشاء اللہ العزیز سانپ اس راہ سے فرار ہو جائیں گے اور پھر کبھی بھی گھر میں داخل نہ ہوں گے۔ اور مکان محفوظ ہو جائے گا۔

Marfat.com

## (۹۴) مرض سودا کے لیے

اگر کسی کو مرض سودا لاحق ہو گیا ہو۔ اور آرام نہ آتا ہو۔ تو اس کے لیے لازم ہے۔ کہ تھوڑا سا روغن زیتون لے کر اس پر باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر سات بار آیت الکرسی پڑھ کر دم کرے۔ اور پھر اس روغن زیتون کی مریض کے سر پر مالش کرے۔ اس کے علاوہ 'بعد نماز فجر اور عشاء پانی پر بھی آیت الکرسی سات مرتبہ پڑھ کر پلائے۔ انشاء اللہ العزیز اس سے مرض سودا جاتا رہے گا۔ اور چند دنوں میں شفاء کاملہ نصیب ہو گی۔

## (۹۵) نظر بد کے لیے

اگر کوئی فرد نظر بد کی وجہ سے بیمار ہو گیا ہو۔ تو اس کے لیے لازم ہے کہ وہ اس مقصد کے لیے ایک مرتبہ سورہ فاتحہ اور سات بار آیت الکرسی اور ایک بار چہار قل پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور پھر اللہ تعالیٰ سے یہ دعا مانگے۔

اِلٰهِیْ صَمَدِیْ مِنْ عِنْدِكَ مَدَدِیْ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْئٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

اس کے بعد تین مرتبہ پہلا کلمہ اور سات بار آیت الکرسی اور سات بار درود پاک پڑھ کر ایک چھڑی پر دم کر کے بیمار کے گھر کی چوکھٹ کے پاس سے قدرے دور دو گہری لکیریں کھینچ کر مٹی سے چھوٹی سی ڈھیری بنا کر اس پر ایک اینٹ رکھ دیں۔ انشاء اللہ العزیز اس عمل سے بیمار صحت یاب ہو جائے گا۔ اور نظر بد سے آئندہ کے لیے محفوظ رہے گا۔

## (۹۶) حصول ملازمت

اگر کوئی شخص ملازمت کے لیے کوشاں ہو۔ اور حسب منشاء ملازمت چاہتا ہو۔ تو اسے چاہیے کہ سات یوم میں ایک مرتبہ یہ عمل باوضو پاک وصاف ہو کر قبلہ رخ بیٹھ کر کرے۔ سب سے پہلے درود ابراہیمی اکیس مرتبہ پڑھے اور پھر تین ہزار

Marfat.com

ایک مرتبہ یَا کَافِیْ یَا غَنِیْ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ پڑھے پھر ایک سو ستر مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے یہ عمل ہفتہ کے روز کرنا زیادہ بہتر ہے انشاء اللہ العزیز بہت جلد ملازمت حسب منشاء جگہ پر مل جائے گی۔

## (۹۷) دشمن کو مصیبت میں مبتلا کرنا

جو دشمن ہر وقت ناجائز تنگ اور پریشان کرتا ہو۔ اور کسی بھی طرح اپنے رویے سے باز نہ آئے۔ تو اس کے تدارک کے لیے یہ عمل انتہائی نافع اور پر اثر ہے رات کو سونے سے پہلے باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر پہلے دو سو مرتبہ آیت الکرسی پڑھے پھر اس میں موجود اسماء الحسنٰی یَا اللّٰہُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ ایک ایک سو مرتبہ اس طریقے سے پڑھے۔ کہ ہر سو مرتبہ آیت الکرسی پڑھنے کے بعد ایک ہزار تین سو ستر بار ان اسماء کا ورد مکمل کرے۔ اور ہر سو مرتبہ پڑھنے کے بعد یہ دعا مانگے اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ عَرْشِكَ وَ بِرُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ تُرْسِلَ خَام هٰذِهِ الْاٰيَةِ الشَّرِيْفَةِ اِلٰى فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ فِیْ صِفَتِیْ وَ حَیْلَتِیْ یَشْهَبُ مِنْ هَنْرٍ وَ حَزْمِنَّ النَّارِ

اس کے بعد کسی چھری سے اس کی طرف اشارہ کرے جدھر دشمن موجود ہے انشاء اللہ اس عمل کی بدولت دشمن کسی نہ کسی مصیبت میں مبتلا ہو جائے گا۔ اور اس طرف کا دھیان بالکل بھول جائے گا۔ یہ عمل جمعہ کی رات کو کرنا چاہیے۔ اگر ایک جمعہ تک یہ مقصد حل نہ ہو۔ تو اس عمل کو سات جمعہ تک جاری رکھے عمل کے ساتھ اول و آخر درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے اور بعد از عمل اللہ تعالیٰ کے حضور خشوع و خضوع والحاح و گریہ زاری سے اپنے مقصد کے حصول کے لیے دعا بھی مانگے ناجائز عمل کرنے پر غیض و غضب الٰہی کا مستوجب ہو گا۔

## (۹۸) درد شقیقہ

اگر کسی کو بھی درد شقیقہ کی شکایت لاحق رہتی ہو۔ اور نہ جاتی ہو۔ تو وہ گیارہ روز تک روزانہ سات بار آیتہ الکرسی پڑھ کر سر پر دم کرے۔ اس کے علاوہ

Marfat.com

اس آیت کے اسم حسنہ اللہ کا درج ذیل تعویز باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے بنائے اور پھر جس جانب درد کا زور ہو۔ اس طرف کو باندھ لے۔ انشاء اللہ درد ہمیشہ کے لیے دور ہو جائے گا۔ انتہائی مجرب و آزمودہ ہے۔ نقش یہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| اللّٰہ | اللّٰہ | اللّٰہ |
| اللّٰہ | اللّٰہ | اللّٰہ |
| اللّٰہ | اللّٰہ | اللّٰہ |

## (۹۹) آفات و بلیات سے حفاظت

کسی بھی قسم کی آفت نازل ہوجائے۔ زلزلہ آجائے' طوفان آجائے تو ایسی صورت میں اس سے محفوظ رہنے کے لیے یہ لازم ہے کہ اس جگہ موجود تمام افراد زمین پر اس طرح بیٹھ جائیں۔ کہ ان کی کمر ایک دوسرے کی کمر سے مس کر رہی ہو۔ پھر ایک شخص سب کے گرد حصار کھینچ لے اور وہ شخص سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھے اور تین مرتبہ یَا حَفِیْظُ کہے پھر اس کے بعد یہ دعا پڑھے یَا حَافِظُ اَحْفَظْنَا اَللّٰھُمَّ اَرْحَمْنَا بَعَیْنِكَ الَّتِیْ لَا یَرَاكَ وَالْقَیْنَا بِکَتَفِكَ الَّذِیْ لَا یَرَامُ یَا اَللّٰہُ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ○ اس عمل کے دوران دوسرے تمام لوگ خاموش بیٹھے رہیں' انشاء اللہ العزیز تمام لوگ اس قسم کی ہر آفات و بلیات سے محفوظ و مامون رہیں گے۔ اور انہیں کوئی گزند نہیں پہنچے گی۔

## (۱۰۰) فراخی رزق کے لیے

رزق کی فراخی کے لیے یہ عمل انتہائی نافع اور پر اثر ہے۔ نماز جمعہ کے بعد وہیں بیٹھے بیٹھے تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھنے کے بعد ایک سو ایک مرتبہ یَا حَیُّ یَا

Marfat.com

قَیُّوْمُ پڑھے اور پھر تین بار یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ یَا غَنِیُّ یَاسَیِّدِیْ یَا سَعِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَا وَدُوْدُ اَغْنِنِیْ بِحَلاَلِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ بِفَضْلِكَ عَنْ مَّنْ سِوَاكَ

چند جمعہ یہ عمل کرنے سے انشاء اللہ العزیز غیب سے کشائش رزق کا بندوبست ہو جائے گا۔ اس کے لیے لازم ہے۔ کہ انسان اکل حلال اختیار کرے۔ اور ہو سکے تو روزہ بھی اس دن رکھے۔

## (۱۰۱) افسر کی ناراضگی و سختی کو دور کرنا

اگر کسی ملازم کا افسر نہایت سخت ہو۔ اور کام کے معاملے میں کسی قسم کی رو رعایت نہ کرتا ہو اور نہ ہی معمولی سی غلطی یا کوتاہی برداشت کرتا ہو۔ تو ایسے شخص کے لیے لازم ہے کہ وہ باوضو قبلہ رخ ہو کر تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے اور ہلکی سی تالی بجائے اور اپنے ارد گرد کے ماحول کو حصار کر دے اور دل میں یہ تصور رکھے۔ کہ افسر مذکور نہ تو مجھے پریشان کرے گا۔ اور نہ ہی میری کوتاہیوں کی باز پرس کرے گا۔ اور نہ ہی سختی سے پیش آئے گا۔ تو انشاء اللہ العزیز وہ افسر اس کے حق میں موم دل ہو جائے گا۔

## (۱۰۲) ٹڈیوں کا خاتمہ

اگر کسی کھیت یا علاقے میں ٹڈی دل کا حملہ ہو گیا ہو۔ یا پھر کسی جگہ بہت زیادہ حشرات الارض آ گئے ہوں۔ اور ان کی وجہ سے فصلوں کو نقصان کا شدید خطرہ لاحق ہو جائے تو ایسی حالت میں یہ لازم ہے۔ کہ ٹڈیوں میں سے ایک زرد اور ایک سرخ رنگ کی ٹڈی کو پکڑے اور ہر ایک پر سات سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھنے کے بعد یہ دعا مانگے اور پھونکے۔ اور ٹڈیوں کو کھیت یا باغ میں چھوڑ دے۔

یَا اَیُّھَا الْبَعْزَاوَتَہٗ اَوْ تَعِلُّ بِاَصْیِعَابِكَ مِنْ ھٰذَا الْمَکَانَ بِحَقِّ مَاتَکُوْنُ عَلَیْھِمْ مِنَ الْقُرْاٰنِ یَاَیُّھَا الْبَعْزَاوَۃَ اَرْتَجَلِّیْ اَوْ تَعِلِّیْ بِاَصْحَابِكَ مِنْ ھٰذَا الْمَکَانَ وَالْاَفْقَدُ مَھْلَتُ ذَنْبِكَ مِنْ جَمَعَ بَیْنَ اِمْرَاۃٍ وَ زَیْنَتَھَا فَانْفَذْ

Marfat.com

وَلَا تَنفُذُونَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ

اس عمل کی بدولت انشاء اللہ العزیز وہ کھیت - علاقہ - گھر - مکان وغیرہ ٹڈیوں اور حشرات الارض سے پاک ہو جائے گا۔ اور پھر کبھی بھی اس جگہ پر حملہ آور نہ ہوں گے۔

## (۱۰۳) حصول اولاد

جو کوئی اولاد کی نعمت سے محروم ہو۔ اور اولاد کی خواہش شدید سے شدید تر ہو اور کوئی راہ نہ سوجھتی ہو' ہر قسم کے علاج معالجے سے مایوس ہو چکا ہو' تو ایسے فرد کو چاہیے۔ کہ وہ کچے سوت کے سات دھاگے عورت کے قد کے برابر لے کر ان پر تین مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر دم کرے پھر تین بار درود ابراہیمی پڑھ کر دم کرے۔ اس کے بعد گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کرے۔ **بعدہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم** پڑھ کر سورۃ الرحمٰن کی تلاوت اس طرح کرے کہ جب **فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ** پر پہنچے۔ تو دھاگوں پر دم کر کے ایک گرہ لگا دے۔ اس طرح پوری سورہ رحمان کو پڑھے اور ہر بار اس آیت پر دھاگوں کے اوپر دم کر کے گرہ لگاتا جائے۔ اس کے بعد کچھ شیرینی لے کر اس پر ختم پڑھے اور اس ختم کا ثواب حضور رسول کریم ﷺ کے وسیلہ جلیلہ سے حضور غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کی بارگاہ اقدس میں پیش کرے۔ پھر اس شیرینی کو فقراء اور مساکین میں تقسیم کر دے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ اور جب عورت حیض سے فارغ ہو کر بعد از غسل پاک و صاف ہو جائے تو اس دم کیے ہوئے دھاگہ کو اپنی کمر سے باندھ لے۔ انشاء اللہ العزیز بہت جلد نعمت اولاد سے سرفراز ہو جائے گا۔

## (۱۰۴) قوت حافظہ کے لیے

اگر کسی کی یادداشت بہت ہی کمزور ہو اور کوئی بھی بات یاد نہ رہتی ہو' اور اس وجہ سے پریشان رہتا ہو۔ تو ایسے شخص کے لیے لازم ہے کہ وہ چینی کی ایک صاف پاک پلیٹ لے کر اس پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر آیت الکرسی زعفران

Marfat.com

و گلاب سے لکھے۔ اور تازہ پانی سے دھو کر نہار منہ ایک ہی سانس میں پانی پی لے۔ چالیس یوم تک اس عمل کی بدولت اس کی یادداشت اور قوت حافظہ بے حد مضبوط ہو جائے گی۔ اور پھر کبھی بھی اس کی شکایت نہ ہو گی۔

## (۱۰۸) مانخورہ کا علاج

جو کوئی مسوڑھوں کے مرض مانخورہ میں مبتلا ہو۔ تو ایسے فرد پر لازم ہے کہ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنی انگشت شہادت پر دم کر کے اپنے مسوڑھوں پر پھیر لیا کرے۔ انشاء اللہ چند ہی دنوں میں یہ تکلیف ہمیشہ کے لیے چلی جائے گی۔ اور دوبارہ لوٹ کر نہ آئے گی۔ اگر ساری عمر کرتا رہے۔ تو کبھی بھی مسوڑھوں کی تکلیف میں مبتلا نہ ہو۔

## (۱۰۶) خونی بواسیر کا علاج

اگر کوئی خونی بواسیر کے عارضہ میں مبتلا ہو۔ تو اس پر لازم ہے کہ وہ ہر روز باوضو تازہ پانی پر ایک بار آیت الکرسی اور ایک ہزار مرتبہ **یَا عَلِّی الْعَظِیْمُ** اول و آخر درود پاک تین تین بار پڑھ کر دم کر کے نہار منہ پی لیا کرے۔ انشاء اللہ العزیز سات یوم میں خون آنا بند ہو جائے گا۔ اور ۲۱ یوم میں اس مرض سے مکمل نجات حاصل ہو جائے گی۔

## (۱۰۷) دودھ کی کمی

اگر کوئی زچہ دودھ کی قلت کا شکار ہو گئی ہو۔ یا دودھ بالکل نہ آتا ہو۔ اور اس کا شیر خوار بچہ اس وجہ سے بھوکا رہتا ہو۔ تو ایسی عورت کو باوضو حالت میں ایک بار آیت الکرسی اور تین سو مرتبہ **هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ** پڑھ کر پانی دم کر کے روزانہ پلائے۔ انشاء اللہ چند یوم میں یہ شکایت جاتی رہے گی۔ اور پھر کبھی بھی دودھ کی کمی کی شکایت پیدا نہ ہو گی۔

Marfat.com

## (۱۰۸) جلد شادی کے لیے

اگر کسی لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو۔ تو اسے چاہیے کہ وہ بعد از ہر نماز اول و آخر تین تین بار درود ابراہیمی۔ پھر ایک سو بار یَا اَلْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اور تین بار آیت الکرسی پڑھ کر اللہ کے حضور حضور قلب سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ شادی کے پیغامات آنے شروع ہو جائیں گے۔ اور جلد ہی کسی اچھے صالح اور نیک نوجوان سے شادی ہو جائے گی۔ انتہائی آزمودہ عمل ہے۔

## (۱۰۹) حمل برقرار رہے

اگر کسی عورت کا حمل قرار نہ پاتا ہو۔ یا حمل ہونے کے بعد جلد ساقط ہو جاتا ہو۔ تو ایسی عورت کے لیے یہ عمل نہایت آزمودہ اور تیر بہدف ہے عامل کو چاہیے کہ چاند کی پہلی جمعرات کو باوضو حالت میں بعد نماز فجر اول لوبان کی دھونی رچائے پھر سات مرتبہ درود پاک پڑھے۔ اس کے بعد اکیس مرتبہ آیت الکرسی پڑھے۔ اور ایک سفید کاغذ پر گلاب و مشک سے یہ تعویز لکھے۔ اور پھر اس عورت کو دے دے کہ وہ اس تعویز کو اپنی کمر پر اس طرح باندھے کہ ناف پر یہ تعویز پڑا رہے۔ انشاء اللہ العزیز اس کی بدولت حمل برقرار رہے گا۔ اور کبھی ساقط نہ ہو گا۔ بعد از ولادت بچہ اس تعویز کو اتار کر آئندہ کے لیے سنبھال لے۔

ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو اللّٰہ اللّٰہ

اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ حی حی حی حی حی حی حی

قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم

وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ

اس تعویز کی انتہائی احتیاط کریں اور غیر ضروری حالت میں اس کو اتار دیں۔ اور دوبارہ غسل کر کے پہن لیں۔

Marfat.com

## (۱۱۰) روحانی مدارج کا حصول

جو کوئی یہ چاہے۔ کہ اس کے روحانی مدارج میں ترقی ہو۔ اور اس کا قلب مضبوط ہو جائے۔ تو اسے چاہیے کہ ہر روز بعد نماز فجر یا عشاء ستر مرتبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ کا ذکر کیا کرے۔ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی کا ورد کرے۔ اور ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ انشاء اللہ بہت جلدی روحانی مدارج بلند ہو جائیں گے اور دل مضبوط ہو جائے گا۔

## (۱۱۱) باسور کا عارضہ

جو فرد باسور کی تکلیف دہ مرض میں مبتلا ہو جائے۔ تو ایسے شخص کے لیے لازم ہے۔ کہ وہ ہر روز گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر پانی ہر دم کرے۔ اور یہ پانی دن میں وقفے وقفے سے استعمال کرے۔ اکیس یوم میں اس مرض سے بفضل تعالیٰ نجات مل جائے گی۔ اور بیماری کا نام و نشان بھی نہیں رہے گا۔

## (۱۱۲) درد جگر کے لیے

جس شخص کو درد جگر کی شکایت ہو۔ تو ایسے شخص کے لیے لازم ہے۔ کہ وہ صبح دوپہر شام کسی چینی کی پلیٹ پر باوضو حالت میں گلاب و زعفران سے آیت الکرسی بمعہ بسم اللہ شریف لکھے اور اس کو پانی سے دھو کر پی لے۔ انشاء اللہ العزیز اکیس یوم میں اس بیماری سے مکمل نجات مل جائے گی۔ اور ہمیشہ کے لیے شفاء کاملہ نصیب ہو گی۔

## (۱۱۳) دل کا عارضہ

جو کوئی دل کے عارضہ میں مبتلا ہو۔ تو اس کو چاہیے کہ وہ باوضو حالت میں ایک سفید مربع کاغذ جو کم از کم ۳ انچ مربع ہو۔ اس پر موٹے الفاظ میں لفظ اللہ لکھے۔ پھر ہر نماز کے بعد کچھ لمحوں کے لیے اس کاغذ پر نگاہ جمائے رکھے اور یہ خیال کرے

Marfat.com

کہ یہی لفظ میرے قلب پر بھی نقش ہے اور اس کے ساتھ آیت الکرسی سات بار اول و آخر درود پاک تین تین بار پڑھ کر اس کاغذ پر اور اپنے قلب پر پھونک لگائے۔ اور یہ تصور رکھے کہ میں اس لفظ کی بدولت دل کے تمام امراض سے پاک ہوگیا ہوں۔ انشاء اللہ العزیز گیارہ روز کے اندر اندر اس کی برکات ظاہر ہوں گی۔ اور انسان دل کے عارضہ میں بے انتہا کمی محسوس کرے گا۔ چالیس روز کے عمل سے دل کا عارضہ ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گا۔ اور باطنی استعداد قوت قلب بھی بہت بڑھ جائے گی۔

## (۱۱۴) صرع کے لیے

جو کوئی بھی صرع کے مرض میں مبتلا ہو۔ اس کے لیے لازم ہے کہ اس پر باوضو حالت میں اکیس مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کیا جائے۔ اور اس کے بعد یہ دعا مصروع کی دونوں ہتھیلیوں پر دم کرے اور اسے کہے۔ کہ وہ اپنے پورے جسم پر پھیرلے۔ بعد اس عمل کے ایک سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے آیت الکرسی بمعہ بسم اللہ شریف اور یہ دعا لکھ کر مصروع کے گلے میں موم جامہ کرکے پہنا دے انشاء اللہ العزیز ہمیشہ کے لیے اس مرض سے نجات مل جائے گی۔ نہایت نافع العمل ہے۔ دعا حسب ذیل ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَوْفَاشَ فَاءَ شَ صَوْنَاشَ اَسْتَيْنَاتِ خَطُوْنِ شَغْدَاشِ دَوَّاشِ اللّٰهِ الْعِزَّةِ يَا طَيْهُوْجُ شَيْوخَ اَرْقَعَ يَشُوْخُ اُدْعُوْا خْتَنَا الْقَدِيْمِ الْاُوْلٰى اَلْاَبْدِىْ اِنَّ الَّذِيْنَ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ اَشْهَدُ كُمْ يَمَعْشَرَ الْجِنِّ بِاللّٰهِ لَا تَضُرُّوْا حَامِلُ هٰذَا الْهَيْكَلُ فُلَانِ بْنِ فُلَانَ وَاَنْ تَتْرُكُوْا كَافِىْ حِرْزَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَ حَمَايَتِهِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَآلِهٖ اَجْمَعِيْنَ

Marfat.com

## (۱۱۵) نکسیر کا علاج

نکسیر آنے کی صورت میں گیارہ مرتبہ آیت الکرسی اور گیارہ بار درود پاک ذیل پڑھ کر ناک پر دم کرے اور اسی کا پانی بھی دم کر کے پلائیں۔ نکسیر رک جائے گی اور انشاء اللہ خون آنا بھی بند ہو جائے گا۔ درود پاک یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحٰبِهٖ اَجْمَعِيْنَ

## (۱۱۶) خفقان کا علاج

جو کوئی اس مرض میں مبتلا ہو گیا ہو۔ تو اس کے لیے ایک چینی کی پلیٹ میں باوضو زعفران و گلاب سے آیت الکرسی لکھ کر تازہ پانی سے دھو کر روزانہ اس مریض کو پلایا جائے۔ اور پلاتے وقت یہ الفاظ دھرائیں۔ نویت الشفاء من العلة خفقان جلد ہی اس کا اثر ظاہر ہونا شروع ہو گا دن بدن مرض کی شدت ختم ہوتی جائے گی۔ اور اس طرح چالیس دن میں مکمل شفاء حاصل ہو گی۔

## (۱۱۷) آسیب سے حفاظت

جس پر آسیب۔ جن۔ پری وغیرہ کا سایہ ہو۔ اور اسے آسیب و پری جن وغیرہ سخت تنگ کرتا ہو۔ تو اس سے نجات کے لیے مندرجہ ذیل عمل کریں۔ انشاء اللہ نافع اور مجرب ثابت ہو گا۔ صبح کو بعد نماز اشراق باوضو قبلہ رخ مشک و زعفران و گلاب سے مندرجہ ذیل نقش سفید کاغذ پر بنائے اور ساتھ ہی ذیل میں دیئے گئے الفاظ بھی لکھے۔ لکھنے کے بعد اس پر آیت الکرسی سات بار پڑھ کر دم کرے۔ اور اس کو موم جامہ کر کے گلے میں پہنائیں پاکی پلیدی کا خاص خیال رکھیں انشاء اللہ تعالیٰ اس کے اثر سے آسیب و جن و پری بھاگ جائیں گے اور ہمیشہ کے لیے ان سے جان چھوٹ جائے گی۔ کلمات و نقش حسب ذیل ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا دَلِيْلَ الْمُتَعَرِّيْنَ يَا غَيَاثَ الْمُسْتَغِيْنَ يَا

Marfat.com

مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ الْمُضْطَرِّیْنَ یَا اِلٰهَ الْعَالَمِیْنَ بِحَقِّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنَ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۶۷۱ | ۳۶۷۴ | ۳۶۷۷ | ۳۶۶۴ |
| ۳۶۷۶ | ۳۶۶۵ | ۳۶۷۰ | ۳۶۷۵ |
| ۳۶۶۶ | ۳۶۷۹ | ۳۶۷۲ | ۳۶۶۹ |
| ۳۶۷۳ | ۳۶۶۸ | ۳۶۶۷ | ۳۶۷۸ |

## (۱۱۸) آفات ارض و سما سے حفاظت

ہر طرح کی آفات ارض و سما سے محفوظ رہنے کے لیے یہ عمل اور نقش نہایت مفید اور کار آمد ہے۔ نوچندی سوموار کو بعد نماز فجر اکتالیس بار آیت الکرسی اور اول و آخر اکیس بار درود ابراہیمی پڑھ کر نہایت حضوری قلب سے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ پھر آیت الکرسی کا درج ذیل نقش سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے لکھ کر خوشبو لگائے اور اسے موم جامہ کرکے اپنے سیدھے ہاتھ کے بازو پر باندھ لے۔ گھر سے نکلتے وقت ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دم بھی کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جہاں بھی جائے گا۔ امن و امان اور حفظ ربانی میں رہے گا۔ اور کوئی شے ضرر نہ پہنچا سکے گی۔ نقش حسب ذیل ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۵۴۳ | ۱۵۴۸ | ۱۵۴۵ |
| ۱۵۴۴ | ۱۵۴۲ | ۱۵۵۰ |
| ۱۵۴۹ | ۱۵۴۶ | ۱۵۴۱ |


Marfat.com

## (۱۱۹) غیر عورتوں کی طرف سے میلان و توجہ ہٹانا

جو کوئی ایسی جگہ کام کرتا ہو جہاں عورتوں کی کثیر تعداد کام کرتی ہو یا وہاں اکثر غیر محرم عورتوں کا آنا جانا ہو۔ اور ہر وقت نفسانی خطرات سے وہ دوچار ہو۔ تو اس کے لیے لازم ہے۔ کہ وہ اپنے اوپر نو بار آیت الکرسی پڑھ کر دم کرے۔ اور ان عورتوں یا عورت کے پاؤں کی مٹی لے کر اس پر یہ الفاظ پڑھ کر دم کرے اور اس مٹی کو اس راہ میں یا ان عورتوں کی طرف پھینک دے جدھر سے وہ آتی جاتی ہوں۔ انشاء اللہ کسی بھی عورت کی نظر کا شکار کبھی بھی نہ ہوگا۔ اور ہر قسم کے نفسانی خطرات سے محفوظ و مامون رہے گا۔ الفاظ یہ ہیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ - يَاشَيِمْثَا الَّذِیْ يُقَلِّبُ الشَّمْسَ مِنَ الْمَغْرِبِ اِلَی الْمَشْرِقْ

## (۱۲۰) کمر درد کا فوری علاج

جو شخص شدید کمر درد میں مبتلا ہو۔ اور درد کی شدت سے تڑپ رہا ہو تو اس کے لیے لازم ہے۔ کہ باوضو حالت میں زعفران و گلاب سے یہ نقش سفید کاغذ پر لکھ کر اس پر سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کرکے اس کے گلے میں ڈال دیں۔ درد کو تھوڑی دیر میں آرام آجائے گا۔ اور تین دن کے اندر اندر مکمل رفع ہو جائے گا۔ گیارہ روز کے بعد اس تعویذ کو اتار کر آٹے میں لپیٹ کر دریا یا نہر میں بہا دیں۔ نقش یہ ہے۔




## (۱۲۱) کشائش رزق کے لیے

جو شخص رزق حلال اور کاروبار میں خیر و برکت کا متمنی ہو۔ تو باوضو حالت

Marfat.com

میں بعد نماز فجر زعفران و گلاب سے ذیل کا نقش سفید کاغذ پر لکھے اور اس پر اکیس مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کرے اور نقش کو اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ العزیز جس کام میں بھی ہاتھ ڈالے گا انتہائی برکت ہوگی اور بہت مالی فائدہ ہوگا۔ یہ کام نوچندی جمعرات کو ساعت مشتری میں کرے نقش یہ ہے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۲۶۴۳ | ۲۵۵۲ | ۲۳۱۶ | ۳۱۶۵ | ۳۴۵۶ |
| ۲۶۴۸ | ۶۸۵۸ | ۴۱۳۰ | ۴۵۳۶ | ۱۹۴۴ |
| ۵۴۵۵ | ۲۵۳۴ | جملہ یوروشو | ۲۳۷۶ | ۲۳۶۶ |
| ۱۵۱۲ | ۵۲۱۰ | ۴۹۶۸ | ۲۳۹۶ | ۳۵۸۵ |
| ۱۸۶۴ | ۲۴۳۴ | ۲۷۵۲ | ۹۶۹۸ | ۴۲۲۵ |

## (۱۲۲) گم شدہ شے کی بازیابی

اگر کسی کی کوئی شے گم ہو گئی ہو۔ یا چوری ہو گئی ہو۔ اور اس شے کی متعلق کوئی بات معلوم نہ ہوتی ہو تو ایسی حالت میں جب سورج برج حمل میں ہو۔ ہفتہ کی شب بعد نماز عشاء ایک سو بیس مرتبہ آیت الکرسی اول و آخر درود پاک اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر باوضو حالت میں سو جائے۔ خواب میں اس کو اس بات کا پتہ چل جائے گا۔ کہ گم شدہ شے کہاں ہے یا چوری ہوگئی ہے۔ تو اس وقت وہ شے کس کے پاس ہے اور چور کون ہے۔ اس طرح اس شے کی بازیابی آسان ہو جائے گی۔

## (۱۲۳) اغوا شدہ کی بازیابی و رہائی

اگر کوئی اغوا ہوگیا ہو۔ اور کسی جگہ قید کر دیا گیا ہو۔ تو وہ حالت قید میں بحالت وضو اور اگر وضو نہ ہوسکے تو بھی ۴۱ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تین سے سات یوم کے اندر اندر اغوا والوں کے ہاتھوں سے

Marfat.com

نجات مل جائے گی اور کسی قسم کا گزند پہنچے گا۔ اسی طرح اس کے گھر کے افراد بھی یہ عمل روزانہ اس وقت تک کے لیے کر سکتے ہیں۔ جب تک وہ رہا ہو کر گھر واپس نہ آجائے۔ انتہائی مجرب اور آزمودہ ہے۔

## (۱۲۴) حصول انصاف

اگر کوئی جھوٹے مقدمہ میں پھنس گیا ہو' اور اسے اس بات کا خدشہ ہو۔ کہ اس کے ساتھ انصاف نہیں ہوگا۔ تو اسے چاہیے کہ اس غرض کے لیے ہر فرض نماز کے بعد اکتالیس بار آیت الکرسی بمعہ اول آخر درود ابراہیمی سات سات بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور خشوع و خضوع سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ وہ باعزت بری ہو جائے گا۔ اور اس کا دشمن ذلیل و خوار ہوگا۔

## (۱۲۵) دوکان کی حفاظت کے لیے

جو شخص چاہتا ہو۔ کہ اس کی دوکان چوری چکاری ڈاکے سے محفوظ و مامون رہے تو اس کو چاہیے کہ ایک گتے پر قلم سے یہ نقش مبارک مشتری کی ساعت میں لکھ کر اور اوپر آیت الکرسی ۴۱ بار پڑھ کر دم کر کے اپنے مال میں رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دوکان محفوظ رہے گی اور مال میں بھی برکت عظیم ہوگی۔ تعویز رکھنے سے پہلے گیارہ روپیہ فقیروں میں اللہ کے نام کے تقسیم کردے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳<br>۵۱۶ | ۳<br>۵۱۹ | ۳<br>۵۲۲ | ۳<br>۵۰۹ |
| ۳<br>۵۲۱ | ۳<br>۵۱۰ | ۳<br>۵۱۵ | ۳<br>۵۲۰ |
| ۳<br>۵۱۱ | ۳<br>۵۲۴ | ۳<br>۵۱۷ | ۳<br>۵۱۴ |
| ۳<br>۵۱۸ | ۳<br>۵۱۳ | ۳<br>۵۱۲ | ۳<br>۵۲۳ |

Marfat.com

## (۱۲۸) دشمنوں میں عداوت ڈالنا

اگر کوئی یہ چاہے کہ اس کے دشمنوں کے درمیان عداوت اور نفرت پیدا ہو جائے اور وہ اس کے خلاف دشمنی ختم کر دیں اور آپس میں پھوٹ پڑیں تو اس نقش کو اتوار کے روز لکھ کر ایک اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور دوسرے کو کسی اونچے درخت پر لٹکا دے۔ تعویز لکھتے وقت ان کا تصور دھیان میں رکھے انشاء اللہ العزیز اس کے دشمنوں میں پھوٹ پڑ جائے گی اور وہ اس کو کسی بھی قسم کا ضرر نہ پہنچا سکیں گے۔ نقش حسب ذیل ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| یا حی یا قیوم | | یا حی یا قیوم | |
| ا ت سطر ا عدا<br>او عدو | | لا سیان<br>فلان بن فلان | |
| [illegible] | | [illegible] | |

نوٹ: فلاں بن فلاں کی جگہ دشمنوں کے نام بمعہ والدہ کے نام تحریر کریں اور ناجائز نہ کریں۔

## (۱۲۷) اسقاط حمل کو روکنے کے لیے

اگر کسی عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو۔ اور وہ اس وجہ سے بہت زیادہ پریشان رہتی ہو۔ تو ذیل کا نقش باوضو حالت میں زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر لکھ کر اس کے گلے میں ڈالیں۔ دوسرا تعویز بنا کر ہر روز اسے پلایا جائے۔ ساتھ ہی ان تعویزات پر ایک بار آیت الکرسی بمعہ بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے حمل قائم رہے گا۔ اور دوران حمل زچہ جملہ تکالیف سے محفوظ و مامون رہے گی اور صحت مند بچے کی ولادت ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| اللّٰه | اللّٰه | اللّٰه |
| الحي | الحي | الحي |
| القيوم | القيوم | القيوم |
| العلي | العلي | العلي |
| العظيم | العظيم | العظيم |

نوٹ: پلانے والا تعویذ روزانہ بعد نماز فجر بنایا جائے گا۔


## (۱۲۸) پر نافع اور پر تاثیر نقش برائے ہر حاجت

ذیل کا عربی نقش آیت الکرسی کا ہے۔ اس کے بے شمار برکات و فوائد ہیں۔ جو بیان سے باہر ہیں۔ اس کو پاس رکھنے والا یا اپنے بازو پر باندھنے والا ہر قسم کی آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا سفر میں محفوظ و مامون رہے گا اور بخیرو عافیت گھر واپس آئے گا۔ سلامتی سے زندگی کا سفر گزارے گا۔ بیمار کی بیماری ختم ہو۔ اور صحت یابی نصیب ہو۔ اللہ تعالیٰ کی سدا شفاء و برکت نازل ہو میدان جنگ میں ہر لحاظ سے سلامت رہے۔ کسی بھی قسم کا خوف لاحق نہ ہو۔ زعفران اور مشک سے لکھ کر عورت کی کمر میں باندھنے سے اس کو صحت و تندرستی ملے۔ حمل محفوظ رہے۔ اور ہر تکلیف سے زچہ بچی رہے دشمن کسی بھی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکے۔ جن بھوت۔ آسیب، جادو، ٹونے، نظر بد سے محفوظ و مامون رہے غرضیکہ کہ اس کے لاتعداد فوائد ہیں۔ جو بیان سے باہر ہیں۔

اس کو بعد نماز اشراق شرف قمر میں لکھے۔ یا جس شرف میں بھی لکھے۔ اسی حساب سے اس کے فوائد سے مستفید ہو۔ اس کو لکھنے کے بعد اس پر ۴۱ بار آیت الکرسی بمعہ اول او آخر درود پاک بارہ بارہ بار پڑھ کر دم بھی کرے اور وقتاً فوقتاً اس کو خوشبو بھی لگاتا رہے۔ نقش حسب ذیل ہے۔

Marfat.com

نقش آیت الکرسی




Marfat.com

## (۱۲۹) باطن روشن کرنے کے لیے

جو عامل حضرات یہ چاہیں کہ ان کے باطن میں موجود قلب کی تمام کثافتیں دور ہو جائیں اور ان کو توجہ اور یکسوئی حاصل ہو سکے اور ان کا باطن بزرگان عظام کی مانند روشن ہو جائے تو ایسے حضرات کو چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد بحضور قلب گیارہ مرتبہ آیت الکرسی اور اول و آخر پانچ پانچ بار درود خضری پڑھا کریں۔ بعد نماز فجر درج ذیل نقش کو گلاب و زعفران سے کسی سفید کاغذ پر لکھ کر اس کو صاف پانی سے دھو کر روزانہ پی لیا کریں' یہ عمل چالیس یوم تک بلاناغہ کریں۔ ناغے کی صورت میں دوبارہ یہ عمل شروع کرنا لازمی ہے انشاء اللہ تعالیٰ اس عرصہ میں روحانی مدارج بلند ہوں گے۔ اور قلب مکمل طور پر روشن ہو جائے گا۔ لیکن اس کے لیے اکل حلال اور استغفار لازم ہے۔ نقش حسب ذیل ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۱ | ۲۶ | ۱۹ |
| ۲۰ | ۲۲ | ۲۴ |
| ۲۵ | ۱۸ | ۲۳ |

## (۱۳۰) بانجھ پن کا علاج

جو عورت بانجھ ہو یا جس عورت کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو۔ تو اس عورت کے گلے میں مندرجہ ذیل نقش باوضو حالت میں سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے لکھ کر اور موم جامہ کرکے ڈال دے۔ اور آیت الکرسی بھی اس پر گیارہ بار پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ عورت چند یوم کے اندر اندر حاملہ ہو جائے گی۔ ولادت کے بعد اس تعویز کو اتار دیں۔ نقش حسب ذیل ہے۔

ھو ھو ھو ھو ھو ھو

Marfat.com

اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ

حَیّ حَیّ حَیّ حَیّ حَیّ حَیّ حَیّ

قَیُّوْمُ قَیُّوْمُ قَیُّوْمُ قَیُّوْمُ قَیُّوْمُ قَیُّوْمُ قَیُّوْمُ

وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِ اَجْمَعِیْنَ

## (۱۳۱) برائے مسان

جس بچے یا بڑے کو مسان کھلا دیا گیا ہو یا آسیب چمٹ جائے تو ایسے مریض کے لیے درج ذیل نقش ہر روز مسلسل چالیس یوم تک کسی سفید کاغذ پر زعفران و مشک سے لکھ کر پانی میں گھول کر پانی سے دھو کر صبح نہار منہ پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ مسان والا بچہ یا آسیب زدہ شخص کو مکمل شفاء حاصل ہوگی۔ نقش والے کاغذ کو ہر روز بحفاظت اپنے پاس رکھیں۔ اور چالیس روز پورے ہونے کے بعد ان تمام تعویزوں کو آٹے میں گوند کر گولیاں بنا کر دریا میں جہاں مچھلیاں ہو ڈال دیں۔ آسیب کی صورت میں پانی پینے کے ساتھ ہی اس نقش کے کاغذ کو نگل کر اوپر سے پانی پی لیا جائے۔ چالیس دن کا یہ عمل انتہائی پر تاثیر اور مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

بِحَقِّ بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

## (۱۳۲) سفر میں حفاظت کے لیے

جو شخص کسی دور دراز مقام پر سفر کے لیے جائے۔ تو اسے چاہیے کہ وہ گھر سے نکلنے سے پہلے اکیس مرتبہ آیت الکرسی بمعہ اول و آخر درود پاک اکیس اکیس بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور درج ذیل نقش کسی کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے سیدھے ہاتھ کے بازو پر باندھ لے انشاء اللہ العزیز وہ سفر کے دوران اور واپسی گھر تک ہر قسم کی آفات و بلیات و حادثات سے مکمل محفوظ و مامون رہے گا۔ اور مقصد سفر میں بھی اسے کامیابی ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ع ۷۵ | ل ۳۵ | ی ۱۵ | ۵ |
| ۹ | ۱ | ۶۹ | ۳۱ |
| ۲ | ۱۲ | ۲۸ | ۶۸ |
| ۲۹ | ۶۷ | ۳ | ۱۱ |

## (۱۳۲) والدین کی بخشش کے لیے

اگر کسی کے والدین یا صرف ماں یا باپ انتقال کر چکے ہوں اور وہ شخص چاہتا ہو۔ کہ اللہ تعالیٰ اس کے والدین کے تمام گناہ بخش دے اور انہیں جنت الفردوس میں جگہ نصیب فرما دے تو اس کے لیے لازم ہے کہ یہ نیت کا بخشش والدین دو رکعت نماز نفل اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھے۔ بعد از فراغت نماز انتہائی خلوص اور عاجزی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے حضور مندرجہ ذیل دعا مانگے اور انتہائی گریہ و زاری کے ساتھ التجاد فریاد کرے۔ انشاء اللہ اس کی یہ دعا بارگاہ الٰہی میں قبولیت کا درجہ پائے گی۔ اور اللہ جل شانہ اس کے والدین کی بخشش فرما کر جنت الفردوس میں جگہ عطا فرما دیں گے اور ان کے تمام گناہوں کو معاف کر دیں گے دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ صَلَّیْتُ ھٰذِہِ الصَّلٰوۃِ قَدْ جَعَلْتَ ثَوَابُھَا لِوَالِدَیْ یَا عَلِیْمُ یَا قَدِیْرُ اغْفِرْلِیْ وَالِوَالِدَیَّ وَ اَرْمَنْھُمَا مِنِّیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ۔

## (۱۳۴) ہر قسم کے شر سے حفاظت

اگر کسی کو اہل محلہ یا بد معاشوں وغیرہ سے کسی بھی قسم کے شر کا اندیشہ ہو' اور اس کی نیندیں حرام ہو گئی ہوں۔ اس شخص کو چاہیے کہ وہ حسب ذیل عمل کو حالت اضطرار میں باوضو ہو کر قبلہ رخ بیٹھ کر انتہائی حضوری قلب سے کرے۔ انشاء اللہ سات روز کے عمل میں اس کی پرتاثیر سے مستفید ہوگا۔ اور اس کو نقصان

Marfat.com

پہنچانے والے بفضل تعالیٰ منہ کی کھائیں گے۔ اور اسے اللہ تعالیٰ اپنے حفظ و امان میں رکھیں گے۔ عمل یہ ہے۔

اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ گیارہ بار پھر ایک سو مرتبہ آیت الکرسی اور اس کے بعد اسم حسنہ یا رؤف ایک سو مرتبہ پڑھے۔ پھر اس کے بعد سو مرتبہ قُلْنَا يَا نَارُ كُونِيْ بَرْدًا سَلَامًا عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی و انکساری سے حفاظت شر کی دعا مانگے۔

## (۱۳۵) جنات کا طابع ہونا

جو عامل باوجودیکہ کوشش و بسیار کے جنات کو طابع نہ کرسکا ہو۔ اس کے لیے یہ عمل انتہائی نافع ہے۔ اور درست طریقہ سے کرنے سے وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوجائے گا۔ لیکن اس بات کا خاص خیال رکھے۔ کہ ان سے ضرر رسانی والے کام نہ لے۔ بلکہ مخلوق خدا کی بھلائی کے کام لے۔ عمل یہ ہے۔

سب سے پہلے کسی خلوت والی جگہ کا انتخاب کرے پھر بعد از غسل پاک صاف ہو کر باوضو حالت میں اس جگہ قیام کرے۔ قیام کرنے سے پہلے سات بار آیت الکرسی بمعہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر اپنے ارد گرد انگلی یا کسی لکڑی سے دائرہ کھینچ کر حصار قائم کرے تاکہ ہر شے کے ضرر سے بچ سکے۔ پھر تین مرتبہ سورہ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف اور سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھے اس کے بعد تین بار سورہ اخلاص پڑھ کر تین مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوُنَ وَ جُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ اس کے بعد تین سو مرتبہ یہ پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ بِكِتْمَانِ الرَّحْمٰنِ يَضْمَانِ الرَّحِيْمِ حَيْثُ شَمَانَ اس کے بعد پانچ مرتبہ آیت الکرسی پڑھے اور عزیمت پڑھنا شروع کرے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حصار میکنم و قفل میکنم از مشرق تا مغرب و از مغرب تا مشرق و از جنوب

Marfat.com

تا شمال و از شمال تا جنوب و از ہفت طبق آسمان و ہفت طبق زیر و بالائے کرہ ارض و از عرش تا کرسی تا عرش و از لوح تا قلم و از قلم تا لوح و از بہشت تا دوزخ و از حور تا غلمان و از غلمان تا حور و از ملائکہ تا روحانیاں و از روحانیاں تا ملائکہ و از انس تا جن و از جن تا انس و از مار تا کژدم و از کژدم تا مار و از وحوش تا طیور و از طیور تا وحوش و از خاک تا آب و از آب تا خاک و از کرہ باد تا آتش تا باد و از تا ستارہ تا دو از دہ بروج تانہ ستارہ و از امراء تا وزراء و از وزراء تا امراء و از اولعزم تا اولوالامر تا اولعزم و از دو پایہ تا ہشتاد و چہار پایہ و از ہشتاد و چہار پایہ تا دو پایہ و از چہار پایہ تا شش پایہ و از شش پایہ تا چہار پایہ و از جملہ اقامت ہفت طبق زمین تا بہ فلک خداوندا حصار میکنم تا کہ ایں بندہ لو بکشاید کشادہ نہ گردو۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ' لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ' لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

گردما وکساں و حوالینا و حصارنا محمد رسول اللہ خفانا و مسمارنا پھر چاروں اور پھونک مار کر حصار قائم کردن۔

اب جس قسم کے جنات کو بلانا چاہتا ہو۔ ان کے متعلقہ ورد کرے۔ اور کسی بھی قسم کے ڈر اور خوف سے محفوظ رہے۔ آسیب و جنات فوراً حاضر ہوں۔ اور عامل کسی بھی قسم کے نقصان سے بالکل بچا رہے گا۔ اور جو کچھ بھی آسیب و جن سے منوانا چاہے گا۔ وہ پوری طرح مانے گا۔ اور طابع رہے گا۔

## (۱۳۶) ہزار حج کا ثواب

بقول حضرت بابا فرید گنج شکر رحمتہ اللہ علیہ جو شخص عرفہ ذوالحجہ کو دو رکعت نماز نفل اس طریقہ سے ادا کرے گا۔ کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک سو مرتبہ آیت الکرسی پڑھے تو فرمان الٰہی ملائکہ کو ہو گا کہ اس کے نامہ اعمال میں ایک ہزار حج کا ثواب لکھ دو۔

## (۱۳۷) مرگی کا مجرب المجرب علاج و نقش

جو شخص مرگی کے مرض میں مبتلا ہو۔ تو اس کی نجات کے لیے ہفتہ یا منگل

Marfat.com

کو سفید رنگ کے مرغ کے خون سے یہ نقش کاغذ پر لکھ کر خوشبو لگا کر موم جامہ کرکے اس کے گلے میں باندھ دیں اور بعد از مکمل صحت و تندرستی حضور غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کی نیاز دلوادیں۔

نقش حسب ذیل ہے



## (۱۳۸) بلند مرتبہ کے لیے

جو کوئی چاہے کہ اس کا مرتبہ لوگوں کی نظر میں بہت بلند ہو جائے اور ہر شخص چھوٹا بڑا اس کی عزت افزائی کرے۔ تو وہ شخص اکل حلال کے ساتھ روزہ رکھے۔ پھر باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر آیت الکرسی سات بار اول و آخر درود پاک سات بار پڑھے اور اس کے بعد اس حد تک اسم حسنہ العظیم کا ورد کرے کہ بے حال ہو جائے۔ اس کے بعد سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے درج ذیل نقش لکھ کر اس کو خوشبو لگائے اور موم جامہ کرکے اپنے پاس محفوظ رکھے۔ اور ہر روز العظیم کا بکثرت ورد بعد از نماز فجر کیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا مرتبہ اور عزت عوام و خاص میں بہت بلند ہو جائے گا۔ اور ہر ایک اس کی بے پناہ عزت کرے گا۔

Marfat.com

# ہماری چند شہرہ آفاق کتب

| | |
|---|---|
| بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے دینی ودنیاوی بیماریوں کا علاج | قیمت 50 روپے |
| سورۂ یٰس سے دینی ودنیاوی بیماریوں کا علاج | قیمت 50 روپے |
| سورۂ الناس سے دینی ودنیاوی بیماریوں کا علاج | قیمت 50 روپے |
| سورۂ اخلاص سے دینی ودنیاوی بیماریوں کا علاج | قیمت 50 روپے |
| سورۂ کافرون سے دینی ودنیاوی بیماریوں کا علاج | قیمت 50 روپے |
| سورۂ فلق سے دینی ودنیاوی بیماریوں کا علاج | قیمت 50 روپے |
| مفیض العملیات و تعویذات | قیمت 200 روپے |
| بچوں اور بڑوں کے برکت والے نام | قیمت 200 روپے |

فاتح پبلشرز
یوسف مارکیٹ غزنی سٹریٹ
اردو بازار لاہور ☏: 7321118